جنگ

SMART CITIES میگزین

نومبر۔دسمبر:2023 We are Building **A Smart Pakistan** اشاعت: 02

CAPITAL SMART CITY

# SMART FUTURE TECHNOLOGIES (SFT)

LAHORE SMART CITY



...because smart is the way to live today

# WE ARE BUILDING **A SMART PAKISTAN**





خصوصی انٹرویو

## مجیب احمد خان

(ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ)

## سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز SFT

## سمارٹ سٹی میں سمارٹ زندگی کیسے؟

## ہیملٹن ہلز

## ایڈونچر ایرینا


SMART CITIES میگزین

We are **Building A Smart** Pakistan


## TEAM SMART CITY

**چیئرمین (FDHL)**
زاہد رفیق

**مینجنگ ڈائریکٹر**
جہانزیب زاہد

**گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر**
محمد اسلم ملک

**ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ**
مجیب احمد خان

**ڈیزائن اینڈ کانٹینٹ**
Creative Department
Linkers Advertising

**فوٹوگرافی**
Media PR Smart Cities

**ویب سائٹ**
www.smartcitypk.com
www.lahoresmartcitypk.com

**سوشل میڈیا**
/smartcitypk | /lahoresmartcitypk
/smartcitypak | /lahoresmartcity
/smartcitypk1 | /lahoresmartcity
capitalsmartcity


SMART CITIES میگزین

اشاعت: 03

جنوری۔فروری:2024

اپنے اشتہارات کی بکنگ کے لیے رابطہ کریں!

نوٹ: میگزین کے اشتہارات صرف سمارٹ سٹیز پارٹنرز ہی دے سکتے ہیں۔

GM Media & PR
+92 333 5202900





# جناب مجیب احمد خان

کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی کے ڈائریکٹر سیلز اینڈ مارکیٹنگ

## سوال: سر سب سے پہلے تو آپ ہمیں اپنے بارے میں بتائیں کہ آپ کے پروفیشنل کیریئر کا آغاز کیسے ہوا؟

جواب: یہ ایک دلچسپ سفر تھا کیونکہ آپ کو یہ جان کر حیرانگی ہوگی کہ میں نے کبھی بھی مارکیٹنگ کی فیلڈ میں آنے کا نہیں سوچا تھا۔ میرے کیریئر کا آغاز جنوری 2006 سے ہوا۔ اور میری پہلی جاب ایک انٹرنیشنل این جی او کے ساتھ تھی۔ جس کے بعد میں کچھ عرصہ ٹور ازم سے بھی منسلک رہا اور سلسلہ چلتا رہا۔ ایک بات جو میرے ذہن میں آتی ہے کہ شاید قدرت مجھے خود اس طرف لانے کے لیے نئے راستے کھول رہی تھی۔ یوں ہی ایک روز میں نے اخبار میں اشتہار دیکھ کر اپلائی کیا اور حبیب رفیق میں ملازمت اختیار کر لی۔

یہاں پر میرے پروفیشنل کیریئر کے نئے دور کی شروعات ہوئی، میں یہاں پر بہت سے معاملات کی نگرانی کرتا رہا یوں میرے روابط بھی بنتے اور بڑھتے رہے، پریذنٹیشن میں جانا، کاروباری حکمت عملیوں پر بات چیت اور اپنے خیالات کا اظہار وہ پہلو ہیں جنہوں نے میری پروفیشنل گرومنگ کی۔ میں مکینکل ورکشاپس سے لے کر سٹورز کے معاملات تک مختلف شعبوں کو دیکھتا اور تجربہ حاصل کرتا رہا۔ اسی دوران ہمیں ملتان ایئرپورٹ کا ایک پراجیکٹ ملا جس پر نا صرف مجھے سیکھنے کو بہت کچھ ملا بلکہ نئی مہارت بھی حاصل ہوئی، دراصل ایئرپورٹ کا اکثر سامان اور آلات باہر سے آتے ہیں جیسے بورڈنگ برجز، سکیننگ سسٹم، فلائٹ انفارمیشن ڈسپلے سسٹم، کنویئر بیلٹ جیسے بے شمار سسٹم شامل ہیں ان کی پروکیورمنٹ میرے ذمے آنے کے بعد خدا نے مجھے خوب کامیابی عطا فرمائی اور میں کمپنی کے لئے اعلیٰ معیار کے آلات مناسب بجٹ میں خریدنے میں کامیاب رہا۔ ایوی ایشن کے شعبہ میں کام سے مجھے اتنی معلومات حاصل ہوگئیں کہ میں تقریباً اس شعبہ کا ماہر بن گیا تھا۔

## سوال: اچھا آپ سیلز کی طرف آخر آئے کیسے کیونکہ آپ تو اس طرف آنا ہی نہیں چاہتے تھے؟

جواب: جی بالکل، سیلز میرے مشن میں کبھی بھی شامل نہیں رہی تھی۔ یہ 2013 کی بات ہے جب نئی گورنمنٹ آئی، عموماً جب بھی کوئی نئی گورنمنٹ آتی ہے تو حکمت عملی ضرور تبدیل ہوتی ہے جس سے ہمارے شعبے میں وقتی بریک آ جاتا ہے، تو آپ کے پاس بھی وقت ہوتا ہے مختلف چیزیں دیکھنے اور سمجھنے کا، ایسے ہی ہمارا ملتان میں ایک رئیل اسٹیٹ پراجیکٹ چل رہا تھا جسے میں دیکھ رہا تھا۔ میں نے ایسے ہی ایک ایڈورٹائزنگ میٹریل میں چند تبدیلیاں تجویز کیں جنہیں بہت پسند کیا گیا۔ پھر ایک دن ہمارے گروپ چیف آپریٹنگ آفیسر، محمد اسلم ملک صاحب سٹریٹیجی پر بات کر رہے تھے تو میں نے اپنی چند تجاویز پیش کر دیں جن پر کام کے انتہائی حوصلہ افزاء نتائج برآمد ہوئے، اسے دیکھتے ہوئے مجھے مارکیٹنگ اینڈ سیلز کی مکمل ذمہ داری سونپ دی گئی اور یوں میں سیلز میں آ گیا۔

## سوال: آپ اپنے مارکیٹنگ کے تجربے کے بارے میں ہمیں بتائیں؟

جواب: جب میں سیلز میں آیا تو اللہ پاک نے بڑی عزت دی، جسے میں اپنے والدین کی دعاؤں کا نتیجہ سمجھتا ہوں اور سب سے بڑھ کر یہ اللہ پاک کا کرم ہے جس نے ہر قدم پر میری مدد کی۔ یہاں یہ بات ضرور کرنا چاہوں گا کہ مجھ پر ہمارے سی ای او کا ٹرسٹ وہ چیز تھی جس نے مجھے بہت حوصلہ دیا اور اسی کی بنا پر ایک ایسا پراجیکٹ جو پچھلے چھ مہینوں میں ہم نے صرف 10 فیصد سیل کیا تھا، میں نے وہ پراجیکٹ صرف تین ماہ کے اندر ہی پورا سیل کر دیا۔ میری صلاحیتوں پر بھروسہ کرتے ہوئے ایک مرتبہ پھر مجھے رائل آرچرڈ سرگودھا کا پورا پراجیکٹ لیڈ کرنے کا کہا گیا جس پر اللہ پاک نے مجھے خوب کامیابی سے نوازا۔

## سوال: سر ہم آپ سے کیپٹل سمارٹ سٹی کے بارے میں بھی جاننا چاہیں گے؟

جواب: سمارٹ سٹی کا آئیڈیا پیش کرنے میں بھی میں ایک کریڈٹ یوں لینا چاہوں گا کہ اسکو بنیادی شکل دینے والوں میں میرا بھی کردار ہے۔ دراصل ہم رائل آرچرڈ کی ایکسپو کے لیے انگلینڈ گئے، وہاں اپنے سیلز پارٹنرز کے ساتھ اس آئیڈیا پر بات چیت ہوئی تو انہوں نے اس پراجیکٹ کو بہت سراہا۔ پھر جب 2017 میں ہم نے یہ آئیڈیا لوگوں کے سامنے پیش کیا تو سب ہی نے اسے بہت پسند کیا۔ میں نے دیکھا کہ پاکستان سے زیادہ سمارٹ سٹی کا تصور باہر کی دنیا کو بڑی آسانی سے سمجھ آ جاتا ہے۔ جس کی وجہ شاید یہ ہے کہ وہاں لوگ پہلے ہی یہ سہولیات حاصل کر رہے ہوتے ہیں۔

## سوال: تو کیا ہم یہ سمجھیں کہ اگر اس تصور کو سراہا نہ جاتا تو یہ پراجیکٹ آگے ہی نہ بڑھ پاتا؟

جواب: نہیں، دیکھیں یہ صرف میرا نہیں ہمارے چیئرمین اور سی ای او کا بھی ڈریم تھا۔ یہی وجہ ہے کہ ہم نے کیپٹل سمارٹ سٹی کا فرسٹ فنکشن ڈورچیسٹر لندن میں مارچ 2018 میں ہی کر دیا تھا، مطلب ہم نے یہ پراجیکٹ کرنا ہی تھا۔ میں خود تو اپنے قطر کے دورہ کی وجہ سے اس تقریب میں نہیں جا سکا تھا مگر یہ ایک کامیاب شو تھا، لوگوں نے ہم پر بھرپور اعتماد کیا جس کو ہم آج تک بہت اچھے طریقے سے نبھا رہے ہیں۔ کچھ شک نہیں کہ سب اللہ ہی کرتا ہے اور بہت بہتر کرتا ہے۔ جیسے میں حادثاتی طور پر سیلز میں آ گیا اور یہ فیصلہ میرے لیے بہت اچھا رہا تو اسی طرح سمارٹ سٹی بھی بننا تھا، بننا ہے اور انشاء اللہ بن کر رہے گا۔ میں ہمیشہ ایک دعا مانگتا ہوں کہ یا اللہ جو میرے نصیب کا ہے اسے میرے لیے آسان کر اور جو میرے نصیب میں نہیں مجھے اس کی مشقت سے بچا۔

## سوال: مارکیٹنگ میں ہونے کے باوجود انٹرویوز کم دینا ایک عجیب سی بات نہیں؟ کیا یہ عوام سے دوری نہیں؟

جواب: نہیں، ایسا بالکل نہیں، دراصل میں بڑی بات تو نہیں کروں گا لیکن سمارٹ سٹی میں ہمارا سب سے پہلا کام اور مقصد اپنے صارفین کو زیادہ سے زیادہ سہولت و آسانی فراہم کرنے کے لیے کام کرنا ہے۔ میں آپ کو بتاؤں کہ اکثر میرے شیڈول بہت سخت ہوتے ہیں جبکہ انٹرویو کے لیے آپ کے پاس فرصت کے اوقات ہونے چاہئیں۔ میں اگر آپ کو اپنی ورکنگ کا بتاؤں تو میرے خیال سے 16 گھنٹے ڈیلی مجھے کام کرنا پڑتا ہے۔ تو یوں میرے نزدیک انٹرویو دینے سے زیادہ بہتر صارفین کی بہتری کے لیے کام کرنا ہے گو کہ انٹرویوز کو بھی میں کم اہم نہیں سمجھتا کیونکہ اس کے ذریعے آپ اپنے صارفین کو اپنی سوچ اور کارکردگی سے آگاہ رکھتے ہیں، تاکہ ان کا اعتماد قائم رہے، پھر بھی اس کے لیے وقت کا ہونا بنیادی شرط ہے۔ تو میں اس حوالے سے عملی حصے کو زیادہ ضروری سمجھتا ہوں۔

## سوال: سمارٹ سٹی نے کیا پالیسی اپنائی کہ 2023 میں دنیا بھر میں معاشی بدحالی کے باوجود آپ پر فرق نہیں پڑا؟

جواب: پہلی بات تو یہ ہے کہ اعمال کا دارومدار نیتوں پر ہوتا ہے، تو جیسی نیت ہوگی ویسا ہی پھل ملے گا۔ ہم نے اپنی نیت الحمدللہ صاف رکھی اور اپنے صارفین اور سٹیک ہولڈرز دونوں کے لیے نیت کو نیک ہی رکھا، جس کے باعث ہمیں زیادہ مشکلات دیکھنے کو نہیں ملیں۔ ہماری تمام مینجمنٹ کی نیت یہی تھی کہ ہم نے ہر حال میں اپنے وعدوں کو پورا کرنا ہے۔ دینی مطالعہ بھی ہمیں بتاتا ہے کہ انسان کے عمل میں اسکی نیت کا کتنا دخل ہوتا ہے ہم بس اپنے مقصد سے جڑے رہے کیونکہ ہمارا مقابلہ کسی اور سے نہیں خود سے ہے، ہم خود ہی اپنے مقابل ہوتے ہیں اور ہماری ہمیشہ یہ کوشش ہوتی ہے کہ پہلے سے کچھ بہتر اور مختلف کیا جائے اور یہ بھی کہ کیا بہتر راستہ اختیار کریں کہ نہ ہمیں پریشانی ہو نہ ہی ہمارے صارفین اور سٹیک ہولڈرز کو کوئی شکایت۔ ہم سے بھی غلطیاں ہوتی ہیں لیکن ہم اپنی غلطیوں سے سیکھتے اور ان سے حوصلہ پکڑتے ہیں۔

اس چیز کو ہم بزنس پوائنٹ سے سوچیں تو پتہ چلے گا کہ یہ ایک سائیکل آف اکانومی ہے جس کی پہلی سٹیج کو ہم ایکسٹینشن کہتے ہیں جہاں پر ہر طرف ڈیمانڈ ہوتی ہے یعنی ڈیمانڈ زیادہ ہوتی ہے اور سپلائی کم یوں پرافٹ بڑھ جاتے ہیں تو یہ ایکسٹینشن یعنی گروتھ کی طرف جاتی ہے اس گروتھ یا ترقی کو دیکھتے ہوئے لوگ سپلائی کا حصہ بننا شروع ہو جاتے ہیں یوں سپلائی بہتر ہوتی جاتی ہے اور کچھ عرصہ میں کنٹریکشن سٹارٹ ہو جاتی ہے، یہ وہ وقت ہوتا ہے جب پرافٹ مارجن کم ہو جاتا ہے تو وقتی فائدہ اٹھانے والے واپس جانے لگتے ہیں اسطرح مارکیٹ نیچے آنا شروع ہو جاتی ہے اور ایسی صورتحال پر پہنچ جاتی ہے جسے ہم سروائیول سٹیج کہتے ہیں۔ اس سٹیج پر کیونکہ سپلائی زیادہ اور ڈیمانڈ کم ہونے سے مارجن کم ہونا شروع ہو جاتے ہیں بزنس پرابلم کا شکار ہو کر بند ہونا شروع ہو جاتے ہیں ایسی صورت میں صرف پرانے اور ماہر کاروباری ہی بہتر وقت کا اندازہ لگاتے ہوئے انتظار کر سکتے ہیں۔ یہ وہ وقت ہوتا ہے کہ جب آپ کو ان لوگوں کو ساتھ لے کر چلنا ہوتا ہے کہ جن کی آگے چل کر آپ کو ضرورت پڑنی ہے۔ ہم نے بھی خود سے منسلک تمام سٹیک ہولڈرز کو معاشی بدحالی کے دنوں بالخصوص کرونا کے دوران بھرپور سپورٹ کیا تاکہ ان کے ہم پر اعتماد اور حوصلے میں کوئی کمی نہ آئے۔

## سوال: اپنے ممبرز کو آپ نے کرائسز کے دور میں کیسے سپورٹ کیا؟

جواب: ہم نے ایسی سروائیول پالیسیز بنائیں کہ رئیل سٹیٹ سیکٹر میں دوبارہ بہتری آنے لگی بلکہ ہماری پالیسیز کو من وعن کاپی کر کے بہت سے دوسرے پراجیکٹس نے اپنے لیٹر ہیڈ پر آگے پیش کر دیا۔ ہم نے یہ پالیسی بھی اپنائی کہ اس دور میں کسی نئی پراڈکٹ کی لانچ کا نہیں سوچا بلکہ اپنے پہلے سے جاری منصوبوں کو مکمل کر کے ڈیلیور کرنے پر اپنی توجہ مرکوز رکھی تاکہ جو ہے پہلے اس کو سنبھال لیا جائے قبل اس کے کہ نئے اور زیادہ کے حصول کے چکر میں جو پاس ہے اس سے بھی ہاتھ دھو بیٹھیں۔ ہم نے سب سے پہلے اپنے صارفین سے کیے دعدوں کو پورا کیا۔ اسی طرح ہم نے ان سے کوئی اضافی چارجز یا جرمانے وصول نہیں کیے بلکہ اپنے سیلز پارٹنرز کے مارجنز کو بھی ریوائز کیا تاکہ ان کا نظام بھی چلتا رہے۔

## سوال: اچھا سروائیول پالیسی کی ذرا وضاحت تو کر دیں؟

جواب: سروائیول پالیسی آنے والے وقت کو دیکھتے ہوئے مشکلات سے نکلنے کی حکمت عملی کا نام ہے۔ ہم نے کورونا میں بھی ایسے حالات دیکھے ہیں جب سارے کام بند تھے، تب بھی ہم نے اپنے ممبران کے لیے ایسی پالیسیز بنائیں کہ نہ تو انہیں نقصان ہو نہ ہی ہمیں، تو 2023 میں بھی ہم نے دیکھا کہ مہنگائی 38 یا 39 فیصد تک پہنچ چکی تھی جبکہ دوسری طرف لوگوں کی انکم میں کوئی 10 فیصد ہی اضافہ ہوا، اس صورتحال کو دیکھتے ہوئے ہم نے سوچا کہ ان کی قوت خرید میں اس بڑے فرق کو پورا کرنے کے لیے ہمیں ہی کچھ کرنا ہوگا ایک تو یہ تھا کہ ہم ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھے رہتے اپنی پالیسز میں کوئی تبدیلی نہ کرتے اپنا کام چلاتے اور مارکیٹ کا فائدہ اٹھاتے جبکہ دوسری صورت یہ تھی کہ ہم اس سوچ کو اپناتے اور ہم نے اپنایا بھی کہ اپنے ممبران کا اس صورتحال میں ساتھ دیا اور انہیں سپورٹ کیا کیونکہ اگر وہ ہمارے ساتھ ہونگے تو ہی یہ سفر مکمل ہوگا۔ ہم نے ممبران کو 6 سے 7 فیصد تک ڈسکاؤنٹ دیا، جرمانے میں چھوٹ دی اور اسی طرح اپنے سیلز پارٹنرز کو بھی فائدہ پہنچانے کے لیے اپنے مارجنز کم کر دیے تاکہ ان کا کاروبار بھی چلتا رہے۔ یوں ہم نے 30 فیصد کے قریب اس خلا کو پُر کیا۔ کیونکہ ہم جانتے تھے کہ ان کا سروائیول بھی ضروری ہے۔ اب آنے

والے دنوں میں چیزیں مزید بہتر ہو رہی ہیں اور معیشت بھی جس پوائنٹ تک پہنچ چکی ہے اس کے بعد اس نے واپس اوپر ہی آنا ہے۔ تو ہماری سروائیول پالیسی نا صرف ہمارے صارفین بلکہ، سیلز پارٹنرز سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کے گرد گھومتی ہے۔

## سوال: جیسا کہ آپ نے بتایا کہ اب مارکیٹ بہتر ہی ہوگی تو نئے سال 2024 کو آپ لاہور سمارٹ سٹی اور کیپٹل سمارٹ سٹی دونوں کے لیے کیسا دیکھ رہے ہیں؟

جواب: میں پہلے بھی بتا چکا کہ میں 2024 کو خوشیوں اور امیدوں کے ساتھ وابستہ کرتا ہوں۔ یہ یقیناً ہمارے ممبران کے لیے بھی اطمینان کی بات ہے کہ نیا سال آپ کے لیے سمارٹ سٹیز میں بہت کچھ لے کر آ رہا ہے۔ اس میں ہم باقاعدہ ایک تقریب کا انعقاد کریں گے "Initiative 2024"، جس میں ہم بہت سے سرپرائز لے کر آ رہے ہیں جو یقیناً عوام کی خوشیوں کے لیے ہوں گے۔ اس سلسلے میں پلاننگ مکمل ہو چکی، نئے پراجیکٹ تیار ہیں۔ جبکہ اس سال میں ہمارے انٹرچینج مکمل ہونے جا رہے ہیں۔ یہ وہ سال ہے جس میں ہمارے ممبران کو اپنے پلاٹس کی لوکیشن، سائز سب کچھ پتہ ہوگا، اوورسیز-II میں کام شروع ہو جائے گا اور اس کے ساتھ ہمارے ایگزیکٹو-II کی ایڈجسٹمنٹ بھی دے دی جائیں گی جو کہ بہت اچھی ہوں گی، مطلب میری کوشش ہوگی کہ انہیں ایک بہت ہی اچھے ایریا میں ری لوکیٹ کیا جائے۔ سوائے وہ ممبر جنہوں نے پے منٹ نہیں کی باقی ایک بھی ایسا نہیں ہوگا جو کہہ سکے کہ اسے پلاٹ نہیں ملا۔

## سوال: آپ نے نئے پراجیکٹس کا بھی ذکر کیا تو سمارٹ سٹی اس سال بھی کوئی نئی چیز لا رہا ہے؟

جواب: ہماری ٹیم ہر لمحہ کچھ نہ کچھ نیا لے کر آ رہی ہوتی ہے اور اس سال بھی ایسی ایسی کمال کی چیزیں آ رہی ہونگی کہ آپ بھی حیران ہو جائیں۔ یہاں میں آپ کو بتاتا چلوں کہ پورے پنڈی اسلام آباد میں کیا، پاکستان بھر میں ایڈونچر سپورٹس کی سہولت پروفیشنلز کے علاوہ آپ کو کہیں بھی عام آدمی کے لیے نہیں ملے گی۔ خاص طور پر کسی بھی ہاؤسنگ سوسائٹی میں ایڈونچر سپورٹس بالکل نہیں ہے۔ آپ کو کہیں کرکٹ گراؤنڈ مل جائے گا، کسی جگہ فٹ بال گراؤنڈ یا ٹینس کورٹس مل جائیں گے یا پھر کہیں پر سوئمنگ پول وہ بھی بہت کم۔ ہم نے تو سمارٹ سٹی میں یہ سہولیات پہلے ہی دے دی ہیں، ہمارا پورا سپورٹس ڈسٹرکٹ ان سہولیات پر مشتمل ہے۔ لیکن میں ایڈونچر سپورٹس کی بات کر رہا ہوں جو کہ کہیں نہیں۔

## سوال: ایڈونچر سپورٹس کے بارے میں بتائیں؟ بڑی دلچسپ چیز لگ رہی ہے۔

جواب: میں آپ کو بس مختصر بتاتا چلوں کہ پورا ایڈونچر ایرینا قائم ہو رہا ہے۔ ایڈونچر سپورٹس کے لیے ہمارا ایک مکمل ڈیپارٹمنٹ ہے، جہاں پر پاکستان کے بہترین دماغ اس کا حصہ ہوں گے۔ ہم مختلف ایڈونچر سپورٹس لے کر آ رہے ہیں۔ گزشتہ سال بھی ہم نے سمارٹ سٹی میں پیراگلائیڈنگ منعقد کرائی جس کے ذریعے سمارٹ سٹی میں فرسٹ لینڈنگ ہو چکی، تو اس طرح بہت سے ایڈونچر سپورٹس اسی سال شروع ہو جائیں گے بلکہ اس کے ساتھ ہم انٹرٹینمنٹ بھی لے کر آ رہے ہیں۔

## سوال: اس کا مطلب آپ سمارٹ سٹی میں ایڈونچر کے ساتھ اور بھی چیزیں لا رہے ہیں۔

جواب: جی بالکل، جیسا میں نے پہلے بتایا کہ سمارٹ سٹی آنے والے دنوں میں ایڈونچر کے ساتھ انٹرٹینمنٹ سٹی بھی ہوگا اور ٹوورازم سٹی بھی، جس کے لیے ہم نا صرف پاکستان کے سمارٹ ذہن ایک جگہ اکھٹے کر رہے ہیں بلکہ دنیا بھر کے بڑے ناموں کو بھی شامل کر رہے ہیں۔ اس حوالے سے گزشتہ دنوں ہمارے پاس ڈیزرٹ گروپ بھی آیا جو کہ ہارٹی کلچرز کو بھی دیکھ رہا ہے۔ اس گروپ نے دبئی میں بڑا کام کیا ہے بالخصوص ڈاؤن ٹاؤن دبئی میں ان کا کردار اہم رہا۔ ہم نے بھی اپنے پراجیکٹ کی جمالیاتی خصوصیات کو بڑھانے کے لیے انہیں بلایا تھا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ہم نا صرف پاکستان بلکہ دنیا بھر کے ماہرین کی خدمات اپنے منصوبوں کی خوبصورتی بڑھانے کے لیے حاصل کر رہے ہیں۔ تب ہی تو میں کہتا ہوں کہ ایسا معیار اور ماحول آپ کو کہیں اور نہیں ملے گا۔

## سوال: یہ بتائیں کہ قارئین کے لیے سال کی سب سے بڑی خبر کیا ہوگی؟

جواب: دیکھیں، 2024 کی تیاری ہم کر چکے ہیں، اور اس حوالے سے ایک تقریب میں بہت کچھ آپ کو بتایا جائے گا۔ تاہم آپ کو ایک خبر میں ابھی دے دوں کہ 2024 میں اور بھی سمارٹ سٹیز شروع ہونے والے ہیں۔ جس کے لیے جگہیں منتخب کی جا چکی ہیں اور میرا خیال ہے کہ مارچ یا اپریل تک ہم ان کا اعلان بھی کر دیں گے۔ ہمیں پتہ ہے کہ مختلف شہروں میں لوگ ہمارا انتظار کر رہے ہیں تو ہماری کوشش ہوگی کہ ہم سب کے لیے نئے اور بہتر مواقعوں کے ساتھ بہترین معیار زندگی لے کر آئیں۔

## سوال: تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں نئے سال میں نئے سمارٹ سٹیز آ رہے ہیں؟

جواب: جی بالکل، لوگوں کی ڈیمانڈز اتنی زیادہ ہیں کہ ہمیں اس بارے میں سوچنا پڑ گیا۔ تو ہم نئے سمارٹ سٹیز بھی قائم کرنے جا رہے ہیں۔ نیا سال اس حوالے سے بھرپور سال ہوگا کہ اس میں کاروبار اور بہترین معیار زندگی کے ساتھ وہ سب کچھ بھی ہوگا جو آپ چاہیں۔ میں کہنا چاہوں گا کہ سمارٹ سٹی کوئی عام سا پانچ ہزار کنال کا منصوبہ نہیں یہ کئی شہروں کا مجموعہ ہے۔ جسے ہم فیز وائز تعمیر کر رہے ہیں اور مکمل پلاننگ کے ساتھ آگے بڑھ رہے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنی پلاننگ کے مطابق بالکل ٹھیک جا رہے ہیں۔

## سوال: اچھا آپ نے بتایا کہ معیشت اب بہتر ہوگی اور اسکے ساتھ ہی مارکیٹ بھی تو اس سے مراد یہ ہے کہ آنے والے دن امید کے دن ہیں۔

جواب: دیکھیں امید کا دامن تو کبھی نہیں چھوڑنا چاہیے۔ انسان کا کام ہے کوشش اور ایمانداری باقی رزلٹ اللہ پہ چھوڑ دے۔ ہم بھی سمارٹ سٹی میں اسی فارمولے پر عمل کر رہے ہیں۔ آپ کو اندازہ ہو گیا ہوگا کہ ہم سمارٹ سٹی کی سوچ کو مکمل جذبے کے تحت لے کر چل رہے ہیں۔ ہمیں پوری امید ہے کہ معیشت بہتر ہوگی اور اسکے ساتھ ہی ہمارا شعبہ بھی بہتر ہو جائے گا۔ مشکل وقت میں تو کچھ لوگ ویسے ہی ہمت ہار بیٹھتے ہیں لیکن جب گروتھ کی سٹیج آئے تو یہ اور دیگر بہت سے لوگ گروتھ سے فائدہ اٹھانے کے لیے ساتھ مل جاتے ہیں۔ ہاں، اگر آپ نے کسی کے اعتماد کو ٹھیس پہنچائی تو پھر آپ کے لیے کہیں بھی کچھ نہیں۔

## سوال: آپ صارفین کو کیا پیغام دیں گے کہ وہ کس طرح انویسٹمنٹ کا فیصلہ کریں؟

جواب: صارفین کو صرف ایک بات کہنا چاہوں گا کہ سمارٹ سٹی میں ہم آپ کو جو معیار دے رہے ہیں وہ کہیں نہیں ملے گا۔ دوسرا بعد میں پچھتانے سے بہتر ہے کہ آپ سرمایہ لگانے سے پہلے اس گروپ کی تھوڑی ہسٹری لے لیں جس کے ساتھ سرمایہ لگا رہے ہیں اور یہ جان لیں کہ اس نے پہلے کوئی کام کیا بھی ہے یا نہیں۔ سبز باغ دیکھانے والوں کی باتوں میں نہ آئیں، ہماری ویب سائٹ پر تمام معلومات اور رابطہ نمبرز کے ساتھ ہمارے سیلز پارٹنرز کی تفصیلات موجود ہیں، ہم سے پہلے رابطہ کر لیں۔ آج تو ہر چیز آن لائن موجود ہے۔ مگر یاد رکھیں کہ سوشل میڈیا فائدے کے ساتھ نقصان کا ذریعہ بھی ہے جسے لوگ اپنے غلط مقصد کے لیے بھی استعمال کر لیتے ہیں۔

## سوال: اچھا ہم یہ بھی سنتے ہیں کہ رئیل اسٹیٹ مارکیٹ ڈاؤن چل رہی ہے مگر بے شمار نئی سوسائٹیز آ رہی ہیں، تو اس کو آپ کیسے دیکھتے ہیں؟

جواب: جہاں تک مارکیٹ کی بات ہے تو میں اسے جھوٹ بھی نہیں کہوں گا کیونکہ خراب معیشت کی وجہ سے ہر قسم کی مارکیٹ میں ڈاؤن فال آیا، اور ایسا صرف ہمارے ہاں نہیں پوری دنیا میں ہے۔ اس کو ایک اور طرح سے بھی سمجھا جا سکتا ہے کہ ایک تو لوگ ویسے ہی دوسروں سے ڈرے رہتے ہیں اسی طرح کچھ لوگوں کو رونے کی عادت بھی ہوتی ہے۔ ایک بہت اچھی کتاب ہے 48 Laws of Power جس میں کہا گیا ہے کہ نا امید یا منفی سوچ والے افراد سے دور رہیں۔ خیر اس کتاب میں سب کچھ تو درست نہیں ہے خاص کر بہت سی چیزیں ہمارے دینی عقائد کے اعتبار سے بھی صحیح نہیں لیکن پھر بھی نوے فیصد چیزوں کا تعلق عملی زندگی سے بڑا گہرا ہے۔ ویسے بھی جب آپ مایوس اور منفی سوچ والے لوگوں میں اٹھیں بیٹھیں گے تو وہ اپنی ساری منفی سوچ آپ میں منتقل کر دیں گے۔ اس لیے میں کہوں گا کہ اللہ نے بھی مایوسی کو کفر قرار دیا ہے تو آپ مثبت سوچ والے افراد سے تعلق رکھیں، کوشش نیک نیتی سے کریں اور اچھے کی امید رکھیں۔ میں آپ کو بتا دوں کہ مارکیٹ میں اتار چڑھاؤ معمول کی بات ہے جب تک کہ وہ اپنی اصل حالت پہ نہ آ جائے۔ آپ سونا دیکھ لیں یا ڈالر، کرنسی کے موجودہ اتار کو دیکھ کر جو لوگ باہر بیٹھے ڈالر کما رہے ہیں وہ کہیں گے ہم تو لٹ گئے لیکن یہاں کے لوگ اور معاشی ماہرین اس سے بہتری کی امید لگائے بیٹھے ہیں۔ تو ہر چیز کا مطلب دوسرے کے لیے مختلف ہو سکتا ہے۔ بہر حال ہماری مارکیٹ اب بہتر ہوگی اور کچھ عرصے میں اپنی اصل حالت میں بحال ہو جائے گی۔ پہلے بھی مسائل اس لیے آئے کہ لوگوں نے رئیل اسٹیٹ سے پیسہ نکال کر بینکوں میں رکھنا شروع کر دیا جہاں پر شرح سود 22 فیصد تک تھا۔ لیکن اب وہ صورتحال تبدیل ہو رہی ہے اور ویسے بھی سود کو حرام قرار دیا گیا ہے تو اپنی محنت کی کمائی آپ اس جگہ لگائیں جہاں سے آپ کو حلال منافع بھی ملے اور اثاثوں کی مالیت بھی بڑھے۔ بینکوں میں تو آپ اپنے پیسے کو مزید ڈی ویلیو کر دیں گے۔ تو جیسے میں نے پہلے بتایا الیکشن کے ساتھ ہی کچھ عرصے میں حالات بہتر ہو جائیں گے کیونکہ سیاسی استحکام آتے ہی چیزیں بہتر ہو جاتی ہیں تو ڈریں نہیں ہم ہر وقت اپنے صارفین، سٹیک ہولڈرز کے ساتھ ہیں۔ انشاءاللہ یہ کوئی چار پانچ ماہ کی بات ہے۔

## سوال: آخر میں آپ ہمیں 2023 میں کیا پایا اور 2024 میں کیا ہونے جا رہا ہے اس کا مختصر سا احوال بتا دیں؟

جواب: جہاں تک 2023 کی بات ہے تو ہم نے معاشی بدحالی اور شعبہ کے مسائل کے باجود بہت سی کامیابیاں بھی سمیٹیں، اپنے ممبران کو ان سے کیے وعدوں کے مطابق ڈیلیور کر کے دیکھایا، ان کا ساتھ دیا۔ ہم نے بہت سے بیرونی دورے اس مقصد کے تحت کیے کہ ہم آنے والے سال میں سمارٹ سٹی کے لیے مثبت اپروچ لے کر چلیں اور جدید دنیا کی سہولیات یہاں بھی فراہم کریں۔ ہم نے دبئی کا دورہ کیا جو کہ انتہائی اہم تھا کیونکہ اس میں ہم نے بہت سے نئے معاہدوں پر دستخط کیے۔ لندن کے روڈ شوز، دیگر ممالک میں کار ریلیاں اور بہت کچھ گزشتہ سال کی پیش رفت میں شامل ہے۔ اسی طرح آنے والے سال میں ایڈورنچر ایرینا، ہیملٹن ہلز، انکیوبیشن سینٹر، سپورٹس کمپلیکس، ڈانسنگ فاؤنٹین، فائیو سٹار ہوٹل اور سیلیکان ویلی جیسی بے شمار نئی اور پہلے سے جاری سہولیات کی تکمیل اور آغاز شامل ہے۔ اسی لیے میں کہتا ہوں کہ یہ سال ایک بھرپور سال ہوگا۔ اس دوران ہم اپنے ممبران اور سیلز پارٹنرز سمیت تمام سٹیک ہولڈرز کو ساتھ لے کر چلنے کا عزم رکھتے ہیں۔ سمارٹ سٹی اپنی جدت کی روایت کو برقرار رکھے گا اور اپنے صارفین کا خیال رکھے گا۔

شکریہ

## سمارٹ سٹیز کی سمارٹ حقیقت



عام افراد کو سمارٹ لائف اور بہتر طرز رہائش کے لبھانے والے نعروں کے سراب سے کہیں دور، حقیقت کا ایک سمارٹ جہاں آباد ہو رہا ہے

### اسی شہرِ دل نواز کا نام ہے کیپٹل سمارٹ سٹی

سرسبز پہاڑوں کے دامن میں اور مین ایم ٹو موٹروے پر واقع یہ شہر نا صرف پاکستان بلکہ پورے ایشیا میں انشااللہ سمارٹ سٹی کی نئی تعریف رقم کرنے جا رہا ہے۔ اس دعوی کا منہ بولتا ثبوت ہے ہمارا ''بہترین پلاننگ کا سلور ایوارڈ'' جس کے لیے ہمیں سنگاپور انسٹی ٹیوٹ آف پلاننگ کی جانب سے دنیا بھر کے 80 ممالک میں سے چنا گیا۔

کیپٹل سمارٹ سٹی کی بہترین پلاننگ کی معترف دنیا تو ہو ہی چکی ہے۔۔۔ لیکن یہ سمارٹ سٹی کس طرح سمارٹ بنے گا اس میں سمارٹ سہولیات کیا ہوں گی اور ان سے وہاں کے رہنے والوں کی زندگی میں کیا بہتری آئے گی؟؟؟ اس کی ایک طویل فہرست ہے؛

# سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز اور جیتا جاگتا شہر!

حبیب رفیق گروپ نے لاہور اور اسلام آباد میں بننے والے دونوں سمارٹ سٹیز سے متعلق تمام سوالات کے جوابات اور مشکل ترین مراحل سے با آسانی گزرنے کے لیے' سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز'' کے نام سے ایک ایسا شعبہ بنا دیا ہے جو کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی کی اِن ہاوس کمپنی بھی ہے۔ ہمارے سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز ڈیپارٹمنٹ کو سمارٹ سٹی کی روح بھی کہا جاتا ہے۔ ذرا سوچیے کہ وہ شہر جس کے لیے کہا جاتا ہو کہ وہ جیتا جاگتا سانس لیتا ہوا شہر ہے اور اس کی روح سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز ہے۔

سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز ہی وہ جدید ٹیکنالوجیز ہیں جو سمارٹ سٹی میں رہنے والوں کو ایسی پُر آسائش زندگی دے سکیں کہ لگژری لائف اسٹائل کا تصور ہی بدل جائے۔ زندگی کے تصور میں لگژری لائف اسٹائل وہ انداز ہے جس میں سمارٹ سٹی میں رہنے والے تمام افراد کو صرف ایک کلک پر سب کچھ حاضر اور ایکٹو ملے۔ چاہے اس میں سمارٹ سٹی میں بسنے والوں کی صحت ہو یا سیکیورٹی، انرجی مینجمنٹ ہو یا اکانومی، تعلیم ہو یا سمارٹ لیونگ، انٹرٹیمنٹ ہو یا پھر ایک مکمل کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کے جیتے جاگتے شہر کی مسلسل مینجمنٹ وغیرہ۔۔۔ یہ سب کچھ سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز کے تحت ہی ہو رہا ہوگا۔

**اب ذرا عام فہم انداز میں بالا مذکور اصطلاحات کو اختصار کے ساتھ سمجھنے اور جاننے کی کوشش کرتے ہیں۔**

## سمارٹ سیکیورٹی




آرٹیفشل انٹیلی جنس کے اس جدید دور میں سیکیورٹی صرف سی سی ٹی وی کیمروں کا نام نہیں ہے۔ بلکہ ایک ایسی محفوظ پراپرٹی کا یقین ہے جہاں انسانی جان اور مال دونوں اچھی طرح نا صرف محفوظ ہوں بلکہ آپ جب چاہیں سب کچھ آپ کی آنکھوں کے سامنے اور آپ کے حکم کا منتظر نظر بھی آئے۔ آپ دنیا میں چاہے جس جگہ بھی ہوں آئی پی ٹی وی کیمرا آپ کی پراپرٹی پر آپ کی آنکھیں بن کر کھڑا ہو۔ سمارٹ سیکیورٹی کی وجہ سے آپ کا گھر اتنا سمارٹ ہو جاتا ہے کہ بس موبائل کے ایک کلک پر سارا گھر خود لاک بھی ہو سکے۔ اگر آپ چاہیں گے تو سارے گھر کے الارمز آپ کے ایک کلک پر ایکٹو ہو جائیں گے۔

## سمارٹ ٹرانسپورٹ (BRT)

جب گاڑیاں وہی ہیں جو سب استعمال کرتے ہیں تو سوال پیدا ہوتا ہے کہ سمارٹ سٹیز میں ٹرانسپورٹ کیسے سمارٹ ہوگی؟ بھئی وہ اس طرح کے کون سی گاڑی کہاں اور کتنی دیر سے کھڑی ہے اور اس کا انجن کب سے اسٹارٹ ہے، اس وقت گاڑی کا درجہ حرارت کتنا ہے یہ سب آپ کو سمارٹ ٹرانسپورٹ کا فیچر بآسانی بتائے گا، جس سے فیول کی بچت کے ساتھ ساتھ گاڑی کی دیکھ بھال بھی ٹھیک ہو سکے گی۔ پھر سمارٹ اے این پی آر سسٹم ہر گاڑی کی سمارٹ اسکینگ کے ذریعے اسے سمارٹ سٹیز کے ریکارڈ کا حصہ بناتا ہے۔ باقی آپ سمجھ گئے ہوں گے کہ اس طرح کے فیچر کے ساتھ آپ کی گاڑی کس طرح بالکل محفوظ اور سمارٹ ٹرانسپورٹ سسٹم کا حصہ ہوگی۔




## سمارٹ صحت

ایک محتاط اندازے کے مطابق پاکستان میں ہزاروں افراد گھر سے ہسپتال پہنچنے اور صحیح تشخیص و فوری علاج کے لیے ضروری اقدامات کے دوران ہی اپنی جان ہار جاتے ہیں۔ کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹیز کے سمارٹ ہسپتالوں میں موجود سمارٹ ہیلتھ سسٹم سے منسلک سمارٹ ایمبولینسز اس بات کو یقینی بنائیں گی کہ مریض کے ہسپتال پہنچنے سے قبل ہی فوری علاج کی تمام تر تیاری مکمل کر لی جائے اور مریض کا مکمل ڈیٹا ہسپتال میں پہنچ جائے کیونکہ یہ سب کچھ سمارٹ سٹیز کے رہائشیوں کے سمارٹ ہیلتھ ڈیٹا بیس کے ساتھ منسلک ہوگا۔۔ سمارٹ ہیلتھ سسٹم سے ہر مریض کے لیے انٹرنیشنل ماہرین صحت کی ہمہ وقت دستیابی بھی آسان اور ممکن ہوگی۔



## سمارٹ ایجوکیشن

سمارٹ ایجوکیشن فیچر نا صرف اسٹوڈنٹس کو تعلیم یافتہ بنانے میں مدد دے گا، بلکہ سمارٹ سٹیز کے رہائشیوں پر مشتمل ایک باشعور اور جدید طرز تعلیم پر استوار سوسائٹی ترتیب دے گا۔ سمارٹ ایجوکیشن فیچر کی وجہ سے طلبا اور ان کے والدین ایک ہی پلیٹ فارم سے منسلک ہوں گے۔ طلبا کے ہاتھوں پر موجود رسٹ بینڈ کی وجہ سے والدین اپنے بچوں کی اسکول میں مصروفیات، لوکیشن اور ان کی جسمانی صحت سے متعلق جب چاہیں جان سکیں گے۔ سمارٹ ایجوکیشن کے ای لرننگ پروگرام کے تحت کوئی بچہ گھر بیٹھے بھی اپنی کلاس لے سکے گا۔ پیرنٹ ٹیچر میٹنگ ہو یا فیسوں کی ادائیگی سب کچھ آن لائن ممکن ہو سکے گا۔



## سمارٹ طرز زندگی

حبیب رفیق گروپ سمارٹ سٹیز میں جدید ترین سمارٹ فیچرز لانے کے لیے جتن کر رہا ہے تاکہ وہاں بسنے والوں کی طرز زندگی میں بہتری اور انداز رہائش کو نیا رنگ دیا جائے۔ ایسے ہی پبلک پارکس میں نصب ڈیجیٹل اسکرینز نا صرف آپ کو من پسند میوزک پیش کریں گی بلکہ اگر طلباء کا کوئی گروپ چاہے تو انھی اسکرینز پر اپنے مطلوبہ مضمون سے متعلق مواد دیکھ سکے گا۔ سوسائٹی میں ہونے والے ایونٹس آپ گھر بیٹھے اپنی ٹی وی اسکرینز پر بھی دیکھ سکیں گے۔ آپ کے گھر کے مالی ہوں یا صفائی کرنے والے ورکر اب ان کی فکر نہ کریں یہ سب آپ کے لیے سمارٹ بوٹس کریں گے۔ سمارٹ سٹیز میں موجود تمام آوٹ لیٹس ای پورٹل سے منسلک ہوں گی جس کی وجہ سے آپ کے آرڈر کی ترسیل اور ادائیگی دونوں ہی فوری ہو سکیں گی۔ تجاویز، مشورے اور شکایات سب کچھ فون کے ایک کلک سے براہ راست کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر کو بھیجی جا سکیں گی۔ فائیو جی ٹیکنالوجی سے آپ بلاتعطل انٹرنیٹ کا فائدہ اٹھا سکیں گے۔ ای گیمنگ، لاسٹ اینڈ فاونڈ اور پارکس میں دستیاب سولر موبائل چارجرز کے علاوہ گوگل میپ کی طرح کے سمارٹ نیوی گیشن ٹول کسی کو بھی رستہ بھولنے نہیں دیں گے۔



## سمارٹ اکانومی

کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹیز میں سمارٹ اکانومی کا فیچر صرف مختلف ادائیگیوں سے متعلق نہیں ہوگا۔ بلکہ سمارٹ سٹیز میں اکانومی کا مطلب آپ کی زندگی میں بہتری ہے۔ سمارٹ سٹیز میں ہونے والی آرگینک فارمنگ اور اس سے حاصل چیزوں کا سبسڈائزڈ ریٹ پر ملنا آپ کی صحت اور بجٹ دونوں کی بچت ہے۔ سمارٹ سٹیز نے اپنے کل رقبہ کا 30 فیصد حصہ پارکس اور گرین ایریا کے لیے مختص کیا ہے۔ ای والٹ سسٹم سے آپ اپنی تمام خرید و فروخت اور ادائیگی با آسانی گھر بیٹھے کر سکیں گے۔



## سب کچھ اک خواب سا لگ رہا ہے ناں!!!!

لیکن سمارٹ سٹیز میں حقیقتاً جو کچھ عملاً وجود میں آ چکا ہے یا جسکی پلاننگ ہو چکی وہ بند آنکھوں سے دیکھے جانے والے خواب کی تعبیر سے آگے کی چیز ہے اور تعمیر و ترقی کی ایسی مثال بن چکا ہے کہ جیسے آپ کا کوئی خواب جو آپ کے سامنے موجود ہے اور سچ ہے۔



CSC Master Plan

# سمارٹ سٹی میں سمارٹ زندگی کیسے؟

وقت اپنے ساتھ بہت کچھ بدلتا ہے۔انسان اپنی زندگی کو تیز اور بااختیار بنانے کے لیے ہمیشہ سے مصروف رہا ہے۔اس حوالے سے سائنسی میدان میں آئے روز تبدیلیاں آ رہی ہیں۔آج آپ کی جیب میں پڑا فون اگر سمارٹ نہیں تو آپ وقت کے ساتھ نہیں،اور بہت جلد آپ کو اپنا فون تبدیل کر کے سمارٹ ٹیکنالوجی کا حصہ بننا ہی پڑے گا۔سمارٹ ٹیکنالوجی ہماری زندگیوں کا اہم اور لازمی جزو بن چکی ہے۔

## پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی

کیپٹل سمارٹ سٹی دنیا کا 22واں اور پاکستان کا پہلا سمارٹ سٹی ہے۔جس کا مقصد زندگی کے مختلف شعبوں کی طرح طرز معاشرت کو ہی سمارٹ بنا دینا ہے۔آج دنیا تیزی سے سمارٹ سٹی کانسپٹ کو اختیار کر رہی ہے تاکہ وسائل کی کمی کو ذہانت اور بہتر انتظام کے ساتھ افراد کی بہتری کے لیے استعمال کیا جائے۔سمارٹ سٹی وہ ہے جو اپنے رہائشیوں کی ضروریات کا جائزہ لیتے ہوئے وسائل کو منظّم کرتا ہے تاکہ ہر ایک کو ان کا یکساں فائدہ پہنچ سکے۔

## مثال:

**مسئلہ:** آئیں سمارٹ سٹی کو ایک مثال سے سمجھیں۔فرض کریں ایک شہر میں کل 10 گھر آباد ہیں۔ہر گھر کی ماہانہ ریکوائرمنٹ 01 واٹ بجلی ہے لیکن علاقے میں لوڈ ماہانہ 12 سے 15 واٹ کا ہے،اسی طرح گرڈ کی کپیسٹی 10 واٹ تک کی تو ہے لیکن چند نقائص کی وجہ سے صرف 5 واٹ بجلی ملتی ہے۔گزشتہ کئی ماہ سے انتظامیہ 7 یا 8 واٹ بجلی پرائیویٹ سیکٹر سے اور جنریٹرز کی مدد سے لے کر فراہم کر رہی ہے لیکن پھر بھی انہیں بجلی کی کمی کی شکایات موصول ہوتی ہی رہتی ہیں۔جن سے انتظامیہ کی پریشانی میں اضافہ ہو گیا۔

**حل:** مگر اب انتظامیہ نے سمارٹ میٹرز کی مدد اور بہتر انتظامات سے لائن لاسز کم کر لیے،جس سے بجلی چوری میں کمی آئی اور انتظامیہ کو ہر گھر اور سوسائٹی میں کل بجلی کی ڈیمانڈ کا پتہ بھی چل گیا،انہیں یہ بھی معلوم ہے کہ کس گھر میں کتنی بجلی استعمال ہو رہی ہے۔اسکے ساتھ ساتھ صارفین بھی ہمہ وقت اپنی سمارٹ ایپ کے ذریعے گھر میں صرف شدہ یونٹس کی روزانہ معلومات رکھ سکتے ہیں،اور بہتر انتظامات کی بدولت غیر ضروری استعمال شدہ بجلی اور بجلی کے ضائع ہونے کی معلومات ملتے ہی لائٹس ایپ کے ذریعے بند کر سکتے جبکہ انتظامیہ بھی باخبر ہے۔یوں سوسائٹی میں بجلی کے غیر ضروری استعمال کے خاتمے سے بجلی کی بچت ہوئی اور بوقت ضرورت بجلی کی فراہمی ممکن ہوئی،انتظامیہ کو بھی پتہ چلا کہ کتنی بجلی ضرورت ہے اور مناسب بندوبست کر لیے گئے۔سمارٹ لائٹس صرف اسوقت آن ہوتی ہیں جب کوئی ان کے آس پاس ہو۔یوں تمام گھروں کی بجلی سے متعلق پریشانی ختم ہو گئی۔

## سمارٹ سٹی اور نارمل سٹی میں فرق!

کیپٹل سمارٹ سٹی اور لاہور سمارٹ سٹی ماحول دوست منصوبوں کو حقیقی شکل دینے کے لیے بنائے گئے ہیں دونوں منصوبے عالمی ادارے سمارٹ سٹی اتھارٹی سے سرٹیفائیڈ ہیں جس کا مطلب یہ ہے کہ یہاں پر وہ تمام معیارات اور پروٹوکولز لاگو کیے جائیں گے جو کہ سمارٹ سٹی کے لیے عالمی ادارے کے منظور کردہ ہیں یعنی آپ کو پاکستان کے سمارٹ سٹی میں بھی وہی عالمی معیار ملے گا جو شاید آپ سنگاپور وغیرہ میں دیکھ چکے ہیں۔سمارٹ سٹی عالمی معیار سے ہٹ نہیں سکتا جبکہ نارمل سٹی پر ایسی کوئی پابندی نہیں ہوتی۔

یہ آپ کے گھر کے لیے ایک سپر ہیرو کمانڈ سینٹر کی طرح کام کرتا ہے۔



# توانائی کا سمارٹ نظام

## بجلی کی اہمیت:

بجلی یا توانائی ہماری روزمرہ زندگی کا اہم جزو بن چکی ہے۔ ہر صبح کے آغاز سے شام اور پھر رات تک بجلی کی فراہمی ہماری ضرورت ہے۔ جیسے صبح اٹھتے ہی پانی کو اوپر والے ٹینک میں پہنچانے سے لے کر اسے گرم کرنے، کپڑے استری کرنے یا پھر ہمارے ہاتھ میں ہر وقت موجود موبائل فون تک بجلی ہی سے چلتا ہے۔ یوں ہی آفس میں کام کے لیے لیپ ٹاپ اور انٹرنیٹ کو بھی بجلی کی ضرورت ہوتی ہے۔

یہ بھی حقیقت ہے کہ ملک بھر کو بجلی کی کمی کا سامنا ہے، بالخصوص گرمیوں میں اسکی ضرورت اور بڑھ جاتی ہے۔ بجلی کی کمی کو پورا کرنے کے لیے سمارٹ سٹی نے خصوصی بندوبست کیا ہے تا کہ یہاں کے رہائشیوں کے معمولات متاثر نہ ہوں۔ اس سلسلے میں اپنے گرڈ سٹیشن کے قیام سے لے کر بجلی کا موثر استعمال ممکن بنانے والے سمارٹ انرجی سسٹم کے نفاذ تک مختلف اقدامات اٹھا لیے گئے، تا کہ دستیاب بجلی نا صرف سب کے یکساں استعمال کے لیے موجود ہو بلکہ اسکی بچت بھی یقینی بنائی جائے اور سسٹم اور صارفین دونوں پر بوجھ کم سے کم پڑے۔ اس حوالے سے کیے گئے اقدامات یوں ہیں؛

## متبادل ذرائع توانائی:

سمارٹ سٹی توانائی کے لیے صرف روایتی بجلی پر انحصار نہیں کرتا بلکہ یہاں پر آپ کی سہولت کے مطابق ونڈ اور سولر انرجی جیسے متبادل ذرائع توانائی بھی موجود ہیں جو یقیناً عام بجلی کے مقابلے میں کم خرچ بلکہ مفت ہیں۔ کیونکہ ایک بار خرچ کے بعد ان سے مفت بجلی یا توانائی حاصل ہوتی ہے۔ سمارٹ سٹی کے نظام کو ان متبادل ذرائع سے یوں منسلک کیا گیا ہے کہ اگر بجلی کے نظام میں کوئی مسئلہ ہو بھی جائے تو اس کی جگہ سسٹم فوراً خود کو ونڈ یا سولر پر منتقل کر کے سوسائٹی کے لیے خدمات جاری رکھے۔

## بجلی کے استعمال پر نظر:

**سمارٹ میٹر کا جادو:** سمارٹ میٹر وہ جادو ہے جو بجلی کے استعمال کی ہر خبر آپ تک پہنچاتا ہے۔ آپ کو بتاتا ہے کہ کب، کہاں اور کتنی بجلی پورے گھر میں استعمال ہوری ہے۔ آپ کو اس حوالے سے بھی باخبر رکھتا ہے کہ کونسی چیز کتنی بجلی کا استعمال کر رہی ہے۔ جیسے آپ کا AC، لائٹس اور یہاں تک کہ آپ کا کافی میکر بھی اور ایسا نہیں کہ آپ کو یہ معلومات پڑھنے میں دشواری ہو بلکہ انتہائی خوبصورت ایپ ڈیش بورڈ کے ذریعے آپ تک یہ تمام معلومات پہنچائی جاتی ہیں۔ توانائی کے استعمال کی فوری اپ ڈیٹ آپ کو ملتی رہتی ہے۔ یہ نظام وائرلیس بھی ہے یوں آپ کہہ سکتے ہیں کہ یہ آپ کے گھر کے لیے ایک قابل بھروسہ سپر ہیرو کمانڈ سینٹر کی طرح کام کرتا ہے۔

## سوچ کے مطابق عمل:

**سمارٹ الگورتھم:** کبھی آپ نے خواہش کی کہ آپ کے گھر میں کوئی جادوئی دماغ ہو جو آپ کی عادات سیکھے یا آپ کی خواہشات کو بنا بتائے ہی پورا کر دکھائے اور آپ کو بجلی کی کم یا زیادہ ضرورت سے متعلق پہلے ہی آگاہ کر دے؟ سمارٹ سٹی میں نصب نظام سمارٹ الگورتھم ایسا ہی کرتے ہیں، جو ماضی سے حاصل معلومات، موسم اور آپ کے معمولات کا جائزہ لے کر توانائی کی بچت اور موثر استعمال کو یقینی بناتے ہیں۔ تو جان لیں کہ یہ آپ کے وہ دوست ہیں جو وقت سے پہلے ہی آپ کی ضروریات کو جان لیتے ہیں۔ آپ اپنی مرضی سے اپنے گھر میں بجلی کے استعمال کا بجٹ طے کر کے اسے بتا دیں، تا کہ آپ کی جیب پر زیادہ بوجھ نہ پڑے۔

## آٹومیٹڈ کنٹرول:

**حساس نظام:** سمارٹ سٹی میں آپ کا گھر ایسا ہے جس کا لائٹنگ سسٹم آپ کی موجودگی محسوس کرتے ہی اس کے مطابق عمل کرتا ہے، لائٹس تب ہی روشن ہوتی ہیں جب آپ وہاں موجود ہوں یا وہاں سے گزر رہے ہوں تا کہ آپ کو اندھیرا محسوس نہ ہو۔ یہ جانتا ہے کہ آپ کو کب اور کتنی روشنی کی ضرورت ہے، یہاں تک کہ آپ کے لیے خوشگوار ماحول برقرار رکھنے کی خاطر مناسب درجہ حرارت کو خود ہی ایڈجسٹ کرتا ہے۔ اس نظام میں سپر سینس فینسی ٹیکنالوجی اور جدید الگورتھم استعمال ہوتے ہیں تا کہ آپ کے گھر کو آپ کی پسند اور ضرورت کے مطابق تیار کیا جائے یعنی بجلی کا بے جا استعمال بھی نہ ہو اور آپ کا گھر بالکل ویسا ہی ہو جیسا آپ چاہتے ہیں۔ آپ ضرورت کے مطابق بجلی کا استعمال کریں تا کہ بجلی کی بچت ممکن ہو سکے۔

## انرجی ڈیش بورڈز:

**انرجی اسسٹنٹ:** یہ آپ کے اس ملازم کی طرح ہے جو توانائی کی معلومات اکھٹی کر کے رپورٹ تیار کرتا ہے۔ اس نظام یا ملازم کا کام گھر میں گزشتہ ماہ اور حالیہ بجلی کے استعمال کا موازنہ کرنے میں آپ کی مدد ہے، جبکہ بجلی کے مناسب استعمال کے اہداف طے کرنے میں بھی آپ کو تعاون فراہم کرتا ہے۔ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کا فریج یا ٹی وی اتنی بجلی کے استعمال کے بعد یا فلاں وقت پر بند ہو اور دیے گئے وقت پر خود آن بھی ہو تا کہ بجلی کی بچت حاصل ہو۔ یہ ایسا ہی ہے جیسے ایک ماہر کوچ آپ کو توانائی کی بچت کا چیمپئن بننے کی ٹریننگ اور مہارت سیکھا رہا ہے۔ اس میں یہ بھی مزہ ہے کہ آپ کسی کام سے گھر میں موجود نہیں ہیں اور آپ نظام کو مناسب وقت پر گھر کی لائٹس آن اور آف کر دینے کی سیٹنگ دے دیں تو ایسے ہی لگے گا کہ آپ گھر پر ہی موجود ہیں، اور ایسا کرنا کوئی مشکل بات نہیں۔

## پیشگی معلومات کی صلاحیت

**سمارٹ مشینی ڈاکٹر:** جیسے ایک ڈاکٹر انسانی جسم کو سمجھتا اور بہترین مشورے دیتا ہے تو سمارٹ سٹی میں سمارٹ سینسرز اس ڈاکٹر کی طرح عمل کرتے ہیں جو مختلف آلات کی صحت کے ڈاکٹر کے طور پر کام کرتے ہیں۔ یہ سمارٹ سینسرز آپ کے آلات پر نظر رکھتے ہیں، چیک کرتے ہیں کہ آیا وہ ٹھیک کام کر رہے ہیں، اور یہ بھی اندازہ لگا سکتے ہیں کہ انہیں کب تھوڑا چیک اپ کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ یعنی یہ خرابیوں کی نشاندہی کر کے زیادہ سے زیادہ توانائی کی بچت کو ممکن بناتا ہے تا کہ گھر کے تمام آلات کام کرتے رہیں اور اس کا بوجھ آپ کے بٹوے پر بھی نہ پڑے۔

## سمارٹ انرجی سسٹم کے فوائد:

**استعمال کی جانکاری:** یہ آپ کو بتاتا ہے کہ آپ کی بجلی کہاں اور کیسے استعمال ہو رہی ہے اور آپ کو اس کے بہتر استعمال کے لیے کیا کرنا چاہیے۔

**پیشگی معلومات:** سمارٹ ڈیٹا اور معلومات کی بدولت صرف ایک انگلی کے اشارے سے بجلی کی بچت۔

**آرام دہ ماحول:** آپ کا گھر آپ کی ضروریات کے مطابق خود کو گرم یا سرد کر لیتا ہے، اور گھر کے ماحول کو آرام دہ اور بہتر بناتا ہے۔

**بچت کا استاد:** یہ نظام آپ کو بجلی کی بچت سیکھاتا ہے اور بہتر تجاویز کے ذریعے سارا ماحول خوشگوار بناتا ہے۔

## ہر پل باخبر

جیسے جسم کو دماغ کنٹرول کرتا ہے ویسے ہی سمارٹ سسٹم آپ کے تمام آلات پر نظر رکھتا اور کنٹرول کرتا ہے۔ یہ ایک ایسا دماغ ہے جو بجلی کی بچت کے لیے آپ کی عادات کے مطابق عمل کرتا ہے۔ نظام گھر کے ماحول کو آپ کی ضروریات کے مطابق تشکیل دیتا اور خود کو ایڈجسٹ کرتا ہے۔ یہ کبھی تو آپ کا بغیر تنخواہ کے کام کرنے والا ایسا ملازم ہے جو بجلی سے متعلق رپورٹس تیار کرتا ہے تو کبھی ایک ماہر ڈاکٹر کی طرح آپ کے گھر کے آلات کی صحت کا خیال رکھتا ہے۔ یوں سمجھیں کہ گھر میں موجود سپر ہیروز کی مکمل ٹیم ہے جو آپ کے گھر کو اسمارٹ بناتی ہے اور بجلی کے بلوں میں کمی اور بچت کی صورت آپ کو خوشیاں دیتی ہے۔



# سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجی اور پانی کی فراہمی

ایک سمارٹ سٹی نارمل سٹی سے مختلف یوں بھی ہے کہ عام سٹی میں اگر آپ کو تمام سہولیات مل بھی جائیں تو وہ ایک دوسرے سے منسلک نہیں ہوتیں، ان کی نگرانی اور کنٹرول علیحدہ ہوتا ہے جبکہ سمارٹ سٹی میں ہر چیز کی پلاننگ ہوتی ہے اور ضرورت کے مطابق دستیابی بھی۔ اس کو ہم یوں سمجھ سکتے ہیں کہ سمارٹ سٹی ایک جسم کی مانند کام کرتا ہے اور دماغ سارے جسم کو کنٹرول کرتا ہے، جیسے اگر آپ کے جسم میں کسی جگہ چوٹ لگ جائے تو دماغ چوٹ والے مقام کی خبر پہنچتے ہی آنکھ کو آرڈر کرتا ہے کہ دیکھو کس چیز کی وجہ سے درد یا چوٹ پہنچی تاکہ حالات کے مطابق مناسب اقدامات اٹھائے جائیں۔ ایسے ہی دل کو آرڈر جاری کیا جاتا ہے کہ خون کی فراہمی کو کنٹرول کیا جائے تاکہ متعلقہ حصے کو خون کی عدم فراہمی سے نقصان نہ پہنچے۔ بس اسی طرح سمارٹ سٹی بھی کام کرتا ہے۔

## مثال:

**مسئلہ:** آئیں سمارٹ سٹی کو ایک مثال سے سمجھیں۔ فرض کریں ایک شہر میں کل 10 گھر آباد ہیں۔ ہر گھر کی ماہانہ ریکوائرمنٹ 1 لیٹر پانی ہے جبکہ کہ ٹینک میں کل 5 لیٹر پانی ہے۔ گزشتہ کئی ماہ سے انتظامیہ 7 یا 8 لیٹر پانی منگواتی ہے لیکن پھر بھی انہیں ہر ماہ کے آخر میں پانی کی کمی کی شکایات موصول ہوتی ہیں۔ جن سے انتظامیہ کی پریشانی میں اضافہ ہوگیا۔ چند گھر مسلسل پانی کی شکایت کررہے ہیں۔

**حل:** مگر اب نہیں کیونکہ انتظامیہ نے سمارٹ واٹر میٹر کے استعمال کے بعد یہ جان لیا کہ پانی کی ماہانہ ریکوائرمنٹ 10 لیٹر ہے۔ لہذا، انہیں 5 لیٹر کے دو یا تین کنٹینرز منگوانے ہونگے۔ پہلے ماہ کا 10 لیٹر پانی سمارٹ میٹر کے ذریعے ہر گھر میں پندرہ دن کے لیے آدھا لیٹر کے حساب سے پہنچایا گیا۔ جبکہ پندرہ دن سے قبل 5 لیٹر کا ایک اور پھر پانچ دن بعد پانچ لیٹر کا ایک کنٹینر منگوالیا۔ جس سے پورا ماہ پانی ہر گھر کو ملا اور کوئی شکایت نہیں ملی۔

کیونکہ انتظامیہ نے سمارٹ میٹر کی مدد سے پہلے پانی کی طلب کا اندازہ لگایا اور پھر دستیاب وسائل کو اس کے مطابق استعمال میں لا کر مسئلہ حل کر لیا۔ یوں تمام گھرانوں کی پانی سے متعلق پریشانی حل ہوگئی۔

## صاف پانی سے زندگانی

پانی زندگی ہے۔ آپ کے جسم کی پہلی ضرورت۔ آپ کے روزمرہ معمولات میں پانی کی خاص اہمیت ہے۔ برتن اور کپڑے دھونے، گھر کی صفائی سے لے کر کھانا پکانے تک آپ کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ پانی کے بغیر انسان تو کیا چرند پرند اور پودے تک زندہ نہیں رہ سکتے۔ پوری دنیا کی طرح پاکستان میں بھی صاف پانی کی فراہمی ایک بڑا مسئلہ ہے۔ بہت سے رہائشی منصوبے جو بڑی آب و تاب سے شروع کیے گئے، آج پانی کی عدم دستیابی کے باعث ناکام ہوگئے۔ پانی سب سے بنیادی انسانی ضرورتوں میں سے ایک ہے۔

## سمارٹ سٹی میں پانی کی دستیابی

سمارٹ سٹی میں قدرتی پانی وافر مقدار میں موجود ہے اور دیگر بہت سی خوبیوں میں سے ایک بڑی خوبی اور رحمت سمارٹ سٹی میں قدرتی پانی کی موجودگی ہے۔ جس میں سب سے بڑا ذخیرہ چھہان ڈیم کی صورت موجود ہے۔ ادارے نے جرمنی سے امپورٹ کردہ پلانٹ کی بدولت نا صرف پانی کو پینے کے قابل بنانے کے انتظامات کیے ہیں بلکہ یہ یقینی بنایا گیا کہ اس صاف پانی کی فراہمی کو سوسائٹی کے ہر گھر تک پہنچایا جائے۔ پانی کی فراہمی کے سمارٹ سسٹم کی بدولت ہر گھر کو درکار پانی کا اندازہ لگایا گیا اور ایسے انتظامات کیے گئے ہیں کہ ہر گھر کو ہمہ وقت پانی فراہم بھی کیا جاتا رہے اور پانی کو ضائع ہونے سے بھی روکا جائے۔

## صاف پانی کی فراہمی کا سمارٹ انتظام

سمارٹ سٹی میں پانی کی فراہمی کو ضرورت کے مطابق رکھنے کا پورا انظام موجود ہے۔

### سمارٹ واٹر میٹر:

ایسے سمارٹ واٹر میٹر کا تصور یقیناً نیا ہے جو نہ صرف اس بات کی پیمائش کریں کہ آپ کے گھر میں کتنا پانی استعمال ہو رہا ہے بلکہ یہ بھی بتائیں کہ کب اور کہا؟ یہ سمارٹ میٹر پانی کے ایسے جاسوس ہیں، جو آپ کو مختلف مقامات پر پانی کے استعمال کی تفصیلی معلومات فراہم کرتے ہیں اور فوری اپ ڈیٹ بھی دیتے ہیں۔

## پانی کے معیار کی جانچ اور نگرانی

واٹر سسٹم میں ایسے سینسرز مختلف مقامات پر نصب کیے گئے ہیں جو پانی کی صحت پر ہمہ وقت نظر رکھتے ہیں جس میں پی ایچ لیول، گدلے پن، کلورین کی سطح اور آلودگی کی مقدار کا جائزہ شامل ہے تاکہ گھروں میں فراہم کردہ پانی صحت بخش اور پینے کے قابل رہے۔ سسٹم اتنا متحرک ہے کہ جیسے ہی کوئی مقدار مقررہ لیول سے کم یا زیادہ ہو تو فوری الرٹ جاری ہوتا ہے، یوں پانی کو صاف اور محفوظ رکھا جاتا ہے۔

## پانی کے ضائع ہونے سے بچاؤ

یہ ایک ایسا متحرک نظام ہے جو انسان کی طرح پائپوں میں لیک ہونے والے پانی کی آواز سن کر پتہ لگا لیتا ہے۔ اسی طرح ایسے سینسرز سے کام لیا جاتا ہے کہ جن سے پانی کے بہاؤ اور سسٹم پر دباؤ کا پہلے ہی پتہ چلا لیا جائے۔ یوں آپ کو اور انتظامیہ کو آنے والی صورتحال کا بروقت جائزہ لے کر اقدامات کی مہلت مل جاتی ہے۔ یہ اتنا بہترین سسٹم ہے کہ پانی کو ضائع ہونے سے بچاتا اور والوز کو خود بخود بند کرتا اور کھولتا ہے۔

## واٹر ٹربائن کنٹرول

سمارٹ سسٹم کے سینسرز کی مدد سے واٹر ٹربائن کو کنٹرول کیا جاتا ہے۔ یہ بخوبی جانتے ہیں کہ وہ پانی کو ضائع کیے بغیر کتنی پاور جنریٹ کر سکتے ہیں۔ یہ ٹربائنز خود کو ریئل ٹائم ڈیٹا کی بنیاد پر ایڈجسٹ کرتی ہیں اور انتظامیہ کو دور بیٹھے کنٹرول کے قابل بناتی ہیں۔

## آبپاشی کا سمارٹ نظام

ہم انہیں سمارٹ گارڈن کیپرز بھی کہہ سکتے ہیں۔ اب وہ وقت نہیں رہا جب ہم بلاوجہ اور معلومات کے بغیر کسی بھی پودے کو کسی جگہ لگا کر اسے اُگانے کی ناکام کوشش کرتے رہیں۔ ہمارا سمارٹ گارڈن جانتا ہے کہ پودوں کو کب اور کتنا پانی دینا ہے اور کب نہیں دینا۔ مٹی کی نمی کے سینسر موسمیاتی معلومات کی بنا پر یہ یقینی بناتے ہیں کہ آپ کے پودوں کو پانی کی صحیح مقدار ملے۔ سمارٹ کنٹرولرز جہاں پانی کے اوقات کا خیال رکھتے ہیں تو وہیں پانی کی بچت بھی یقینی بناتے ہیں تاکہ آپ کا باغ ہرا بھرا رہے۔

## پانی کو دوبارہ قابل استعمال بنانے کا عمل

سمارٹ سٹی میں گرے واٹر ٹریٹمنٹ سسٹم نصب کیا گیا ہے جس کا کام سنک اور شاورز کے استعمال شدہ پانی کو اکھٹا کرنا اور اسے فلٹریشن، بائیولوجیکل ٹریٹمنٹ اور جراثیم کش عمل سے گزار کر دوبارہ استعمال کے قابل بنانا ہے، تاکہ اسے صاف کر کے فلشنگ، ٹوائلٹس اور پودوں کو پانی دینے کے لیے استعمال کیا جائے۔ یہ پانی کو دوسری زندگی دینے جیسا عمل ہے جس کا پانی پینے کے بجائے دیگر جگہوں پر استعمال ہوتا ہے تاکہ پینے کے پانی کی بچت ممکن ہو۔

## ڈیٹا ویژولائزیشن

انٹریکٹو ڈیش بورڈز اپنے مختلف ٹولز کے ذریعے پانی کے استعمال کی معلومات آپ کو دیتے ہیں۔ اس میں آپ کو مختلف اوقات کے مطابق موجودہ اور ماضی میں پانی کے استعمال سے متعلق آگاہی ملتی ہے۔ آپ سمارٹ چوائسز کی مدد سے مختلف اوقات اور علاقوں میں پانی کے استعمال کا موازنہ کر سکتے ہیں۔

**فوائد:**

- ☆ سمارٹ میٹر اور سینسرز پانی کی بچت میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔
- ☆ پانی کے معیار کو بہتر بناتے ہیں تاکہ آپ صاف اور صحت مند پانی پی سکیں۔
- ☆ سمارٹ سینسرز لیک سے پاک پانی کی بچت کو یقینی بناتے اور نقصان کو روکتے ہیں۔
- ☆ ٹربائنز اور آبپاشی کا نظام سمارٹ انداز میں عمل کرتے ہوئے پانی اور بجلی کی بچت ممکن بناتا ہے۔
- ☆ ری سائیکلنگ سسٹم استعمال شدہ پانی کو دوبارہ استعمال کے قابل بناتا ہے جسے مخصوص جگہوں پر استعمال کیا جاتا ہے۔
- ☆ انٹرایکٹو ڈیش بورڈز آپ کو پانی کے استعمال سے باخبر رکھتے ہیں، جو آپ کو دانشمندانہ فیصلے کرنے میں مدد دیتا ہے۔

## نتیجہ

سمارٹ میٹرز اور سینسرز کی بدولت آپ پانی کے استعمال کی مقدار سے آگاہ رہیں گے۔ اس کے علاوہ یہ پانی کے معیار اور بہاؤ پر بھی نظر رکھتے ہیں۔ پانی کی لیکیج اور نقصان کو روکتے ہیں۔ ان کی مدد سے آپ کو پانی بچانے، اسے صاف رکھنے اور دوبارہ قابل استعمال بنانے میں مدد ملتی ہے۔ یہ آپ کا ایسا دوست ہے جو پانی کی بچت اور مسلسل فراہمی کے ساتھ ماحول دوست گھروں کی تیاری ممکن بناتا ہے۔



# سمارٹ سٹی
# ہر قدم محفوظ زندگی

کوئی بھی ملک، محکمہ یا ادارہ جو قوانین پر سختی سے عمل پیرا ہو وہ ہمیشہ عزت و وقار کے ساتھ ترقی پاتا ہے۔ ایک سمارٹ سٹی کی بنیاد بھی اس کے اچھے بائے لاز ہیں، یعنی اچھے بائے لاز ہی ایک سمارٹ سٹی کی پہچان ہیں۔ کیپٹل اور لاہور سمارٹ سٹی چونکہ باقاعدہ انٹرنیشنل باڈی سے سرٹیفائیڈ ہیں تو یہاں پر بین الاقوامی تسلیم شدہ قواعد کا اطلاق کیا گیا ہے۔ جس سے مراد یہ ہے کہ اب آپ کو وہی معیار زندگی پاکستان میں بھی نظر آئے گا جو آپ بیرونی دنیا میں دیکھتے ہیں۔ یعنی آپ اس محفوظ اور معیاری طرز زندگی کا حصہ بن سکتے ہیں۔

## سمارٹ سیکیورٹی فیچرز۔ کیا ہیں؟

اپنی کمیونٹی کی حفاظت کو ہر لحاظ سے بے مثال بنانے کے عزم کے تحت، سمارٹ سٹی کے سیکیورٹی فریم ورک کو انتہائی فعال، ذہین (سمارٹ) اور مربوط ڈیزائن کیا گیا ہے۔

جدید ترین انٹری پوائنٹس پر چہرے اور نمبر پلیٹ کی شناخت کرنے والے طاقتور کیمروں سے لے کر انتہائی سمارٹ وزیٹر مینجمنٹ سسٹم تک، ہر پہلو پر توجہ دی گئی ہے جس کا مقصد حفاظت کے عمل کو مضبوط بنانا ہے۔

## سمارٹ انٹری پوائنٹس:

سمارٹ سٹی آپ کے لیے ایک قلعے جیسا مضبوط نظام ہے جس میں صرف وہ افراد ہی داخل ہو سکتے ہیں جنہیں آپ کی اجازت ہوگی۔ یہ انٹری پوائنٹ آپ اور آپ کی پراپرٹی کی حفاظت کے لیے ہیں۔ سسٹم صرف ان افراد کو گزرنے دے گا جن کو آپ نے رجسٹر کرایا ہو۔ تا کہ غیر متعلقہ افراد اور سرگرمیوں کی روک تھام یقینی بنائی جا سکے۔

## چہرے اور نمبر پلیٹ کی شناخت کرنے والے خودکار کیمرے

یہ ایسی آنکھیں ہیں جو کبھی پلکیں نہیں جھپکتی، ہمیشہ چوکس اور چوکنا رہتی ہیں۔ ہمارے خودکار کیمرے انٹری پوائنٹ سے گزرتے وقت آپ کے چہرے اور نمبر پلیٹ کی فوری شناخت والی ٹیکنالوجی سے لیس ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ صرف مجاز افراد یا گاڑیاں ہی سوسائٹی میں داخل ہوں۔

## وزیٹرز کی الگ لائن

مہمانوں کا استقبال ایک خوشگوار معاملہ ہونا چاہیے، انہیں کسی تکلیف کا سامنا نہ ہو لیکن یہ یقینی بنانا بھی ضروری ہے کہ ان کی شناخت کی تصدیق بھی کی جائے اور وہ مہمان ہی گھر میں داخل ہوں جن کا آپ کو انتظار ہے۔ وزیٹرز کو قطار اور انتظار کی زحمت سے بچانے کے لیے ہر گیٹ پر وزیٹرز کے لیے الگ لائن موجود ہے۔ آپ اپنے مہمانوں کو اس اعتماد کے ساتھ خوش آمدید کہیں کہ ان کو آنے میں دقت نہ ہو اور سسٹم انہیں مانیٹر کر رہا ہے۔

## فیس ریڈنگ اور داخلہ

ایک رہائشی کے طور پر، آپ کو چیک پوائنٹس پر انتظار نہیں کرنا پڑے گا، سمارٹ سسٹم آپ کے چہرے کی شناخت کرتے ہی بیریئر فوراً کھول دے گا۔ دورِ جدید کی یہ خصوصیت اس بات کی نشاندہی کرتی ہے کہ سخت حفاظتی پروٹوکول کو برقرار رکھتے ہوئے آپ کے روزمرہ معمولات میں کوئی رکاوٹ یا تاخیر نہ ہو۔

## ہر جگہ حفاظت

ہمارا سکیورٹی سسٹم ہر کونے اور ہر جگہ کی نگرانی کرتے ہوئے آپ کی حفاظت یقینی بناتا ہے۔ آپ کی پراپرٹی کے ارد گرد بنائے گئے پوائنٹس اور آلات ہمہ وقت ممکنہ خطرات اور سرگرمیوں پر نظر رکھتے ہیں۔ یہی آپ کے محفوظ ماحول کی ضمانت ہے۔

## گھریلو ملازمین کی نقل و حرکت

آپ کے گھریلو ملازمین کی شناخت اور آپ کی جانکاری کے لیے ضروری ہے کہ ان کی رجسٹریشن ہو۔ ملازمین کی نقل و حرکت کی ٹینشن آپ نہ لیں یہ کام سمارٹ بوٹس کریں گے۔ ملازمین کی رجسٹریشن کے لیے ان کا شناختی کارڈ اور دیگر معلومات لی جائیں گی تا کہ پتہ چلے کہ کون کہاں اور کس گھر میں ملازم ہے۔ سسٹم اس بات پر نظر رکھے گا کہ ایک ملازم کتنے گھروں میں جاتا اور کس وقت کہاں کام کرتا ہے۔ یہ عمل اس لیے بھی ضروری ہے کہ آپ کے گھر میں کوئی غیر متعلقہ فرد داخل نہ ہو اور ان کی نقل و حرکت کی ہر وقت نگرانی کی جا سکے۔

## سمارٹ رسٹ بینڈ اور بچوں کی حفاظت

سمارٹ سٹی آپ کو بچوں کی سکیورٹی اور نقل و حرکت کی ذمہ داری سے آزاد کرتا ہے۔ اب آپ کو یہ پریشانی کی ضرورت نہیں کہ آپ کا بچہ کس وقت کہاں موجود ہے کیونکہ آپ کے بچوں کی لوکیشن سمارٹ رسٹ بینڈ کی بدولت آپ کو ہر وقت معلوم ہوگی۔ وہ بھی صرف ایک کلک پر۔

## غیر متعلقہ سرگرمی کا خودکار جواب

آپ کے گھر یا پراپرٹی کے ارد گرد کسی نامعلوم فرد یا غیر معمولی سرگرمی کی اطلاع فوراً سکیورٹی سسٹم کو ملے گی جس پر وہ فوری حرکت میں آ جاتا ہے۔ اس صورتحال میں فوراً سکیورٹی الارم بجتا ہے، لائٹس بلنک کرنے لگتی ہیں یا آپ کی اپنی آواز میں پہلے سے ریکارڈ شدہ پیغام کو چلایا جا سکتا ہے، یعنی آپ جیسا چاہیں گے سسٹم اسی طرح آپ کو خطرے سے آگاہ کرے گا تا کہ مناسب اقدامات اٹھائے جائیں۔

## موثر ترین طاقتور (HD) کیمرے

سیکیورٹی کیمرے انتہائی جدید ٹیکنالوجی کے حامل ہیں یہ اس قدر ہائی کوالٹی ہیں کہ ان کے لینز پر آپ لائن بھی لگا دیں تو بھی یہ آپ کی شناخت فوری کر لیں گے۔ یہ کیمرے دن اور رات دونوں میں کام کرتے ہیں۔ ان کیمروں کی کم لاگت کو یقینی بنانے کے لیے بھی اقدامات کیے گئے ہیں۔ کیمروں کے لینز انتہائی طاقتور ہیں کیونکہ ہم صرف اعلیٰ درجے کی سیکیورٹی پر یقین رکھتے ہیں۔

## معلومات کی حفاظت اور رازداری

آپ کی ذاتی معلومات کی حفاظت اور مکمل رازداری کا خیال رکھا جاتا ہے۔ مضبوط سیکورٹی کے لیے خصوصی کوڈز کا استعمال کیا جاتا ہے۔ ڈیٹا کی مناسب ہینڈلنگ کا یقین GDPR اور CCPA قوانین کی پیروی ہے۔ اپنے ذاتی ڈیٹا سے متعلق آپ کو مکمل اختیار دیا جاتا ہے، ڈیٹا کے استعمال کی جانکاری کے علاوہ آپ یہ فیصلہ بھی کر سکتے ہیں کہ آپ کا ڈیٹا کیسے استعمال کیا جا سکے گا۔

## ممکنہ خطرے کی فوری اطلاع

ہمیں روزانہ اپنے گھروں میں بیرونی دروازے کی فکر رہتی ہے کہ کہیں غلطی سے بھی کھلا نہ رہ جائے مگر پھر بھی غلطی ہو جاتی ہے۔ سمارٹ سٹی میں اس کوتاہی کے امکانات نہیں کیونکہ آپ کی یہ فکر بھی ہمارے سمارٹ سکیورٹی سسٹم نے لے لی۔ اب اگر کوئی بیرونی دروازہ 15 منٹ تک کھلا رہتا ہے تو ہمارے سسٹم کی اطلاع پر آپ کو فوری طور پر کال موصول ہوگی یا عملہ پر مشتمل ٹیم فوراً موقع کا جائزہ لے گی۔

## بلا تعطل سیکورٹی ہوئی یقینی

آپ کی حفاظت ہی ہماری ترجیح ہے۔ نظام میں کسی بھی ممکنہ نقص کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارے کسٹمر نیٹ ورک کو وائرڈ اور وائرلیس دونوں سسٹم سے جوڑ دیا گیا ہے۔ تو پھر ایک سسٹم میں خرابی کی صورت میں، دوسرا بغیر کسی تعطل کے اس کا نظام سنبھال لے گا، بلکہ بجلی فیل ہونے پر سولر سسٹم وغیرہ سے بھی کام لے گا۔

ان حفاظتی پروٹوکولز کی تیاری ہمارے اس مقصد کا حصہ ہے جس کی بنیاد آپ کو ایک ایسی محفوظ پناہ گاہ فراہم کرنا ہے کہ جہاں پر سیکیورٹی صرف ایک خصوصیت نہیں بلکہ زندگی کا معمول بنے۔ سمارٹ سٹی کا مضبوط اور محفوظ ماحول آپ کا منتظر ہے۔



# سمارٹ سٹیزاور ایکسیس کاشاہکار ہیملٹن ہلز

اپنے خاندان کے ہمراہ خوبصورت زندگی کا خواب تو ہرکوئی دیکھتا ہے مگراسکی تعبیر ہرکسی کونہیں ملتی۔سمارٹ سٹیز اورایکسیس کے تعاون سے ایک شاندار زندگی کا خواب ہیملٹن ہلز کی صورت تعبیر ہونے جارہاہے، جہاں فطرتی حسن کو بڑے اچھے انداز میں سہولتوں سے منسلک کردیا گیاہے۔آپ سوچ میں پڑھ جائیں گے کہ ہیملٹن ہلز کی کہانی میں مثبت سرگرمیوں اور بے مثال خصوصیات کو بیان کیسے کیا جائے۔ہم آپ کو لے جارہے ہیں ایک ایسی گیٹڈ کمیونٹی میں جہاں پر رہائشی سہولیات اورسرسبز ماحول کوانتہائی مہارت کے ساتھ ایک دوسرے کا حصہ بنایا گیاہے۔ جی ہاں ہیلمٹن ہلز ہی وہ جگہ ہے جہاں آپ کوقدرتی خوبصورتی کے ساتھ جدید زندگی کی تمام سہولیات کا دلچسپ تجربہ حقیقت بنتا ملے گا۔

## تعارف

لگژری لیونگ میں نئے باب کا اضافہ ہیملٹن ہلز ہے۔اس قابل ستائش کاوش کا آغاز ہیملٹن ہلز کے سنگ بنیاد کے لیے منعقدہ پروقارتقریب کے ذریعے کیا گیا۔اس موقع پر اہم شرکاء کی آمدنے تقریب میں نئے جوش وولولے کا اضافہ کیا۔

## سمارٹ سٹی اورایکسیس کا جوائنٹ وینچر

کیپٹل سمارٹ سٹی اور ایکسس گروپ کی جوائنٹ وینچر پارٹنرشپ کانام ہیملٹن ہلز ہے۔ایک ایسامنصوبہ جوکیپٹل سمارٹ سٹی کے تصورکوایک اورخوبصورتی دیتا ہے۔منصوبے کو ماحولیاتی اورسماجی اصولوں کی بنیاد پرتشکیل دیا گیاہے جس میں مختلف مہارتوں کو یکجا کرتے ہوئے روایت سے آگے کی سوچ جھلک رہی ہے۔

## ایک عمومی جائزہ

## خوبصورت زندگی کے بہترین لمحات

ہیملٹن ہلز میں داخل ہوتے ہی کشادگی،نفاست اورسمارٹ زندگی کا احساس آپ کوگھیر لے گا،کشادہ روڈز کے ساتھ واقع واکنگ ٹریکس کا خوبصورت نیٹ ورک اورفطری حسن آپ کو خوش آمد کہتا ہے،جبکہ دل کوچھوتے جدید ڈیزائن پرتعمیرکردہ گھروں کے سامنے بنائے گئے لان اورکھلے عقبی صحن متحرک اورآرام دہ زندگی کی طرف اشارہ کرتے ملیں گے۔اسی لیے ہم کہتے ہیں کہ ہیملٹن ہلز میں رہائش آپ کوزندگی کے ایسے پہلوؤں سے متعارف کرائے گی جن کا شاید آپ نے تصوربھی نہ کیا ہو۔یہاں پر زندگی اجنبیت کے بجائے ایک کمیونٹی کا احساس دلائے گی۔

## ملائیشین ڈیزائن کا اعلیٰ معیار

جیسے ہم نے پہلے ہی تذکرہ کیا کہ ہیملٹن ہلز کے گھر انتہائی نفاست سے تیار کیے گئے ہیں۔ ملائشین طرزڈیزائن کا شاہکار ہرگھر آپ کو یہاں سکون اورراحت کا حقیقی مطلب سمجھائے گا۔ان گھروں کی خاص بات ان کا ملائشین طرزڈیزائن تو ہے ہی کسی گھر میں بیرونی دیوار نہیں رکھی گئی تاکہ آپ سوسائٹی میں گھٹن سے پاک ایسے ماحول میں زندگی گزاریں کہ ہرجگہ آپ کواپنی لگے اورآپ اس کی اونرشپ لیتے ہوئے یہاں کی نفاست اورخوبصورتی کو برقراررکھنے میں کرداراداکریں۔ان گھروں کی خاص بات انکی ڈبل ہائیٹڈ انٹرنس ہے جواپنی شان وشوکت اورفطری حسن کی زندہ مثال بن رہے ہیں۔یہی وجہ ہے کہ ہردیکھنے والی آنکھ ہیملٹن ہلزکورہائشی علاقے سے بڑھ کرفن تعمیراورڈیزائن کا شاہکار مانتی ہے۔

## سمارٹ زندگی اورقدرتی خوبصورتی ایک ساتھ

ہیملٹن ہلز کی ایک اورخوبی یہ ہے کہ آپ کونہ مہنگی بجلی ملے گی نہ ہی بجلی کی آنکھ مچولی کا سامنا ہوگا کیونکہ یہاں پر شمسی توانائی یعنی سولرانرجی کی بدولت ہرگھرکوسستی اورہمہ وقت میسر بجلی کی سہولت فراہم کی جارہی ہے،یہی خاصیت سمارٹ ہومز میں آپ کے لیے جدید اورپرُسکون زندگی کا تجربہ ممکن بنارہی ہے۔تصورتو کیجیئے! ایک ساؤنڈلیس ماحول اورخود کارانداز میں کنٹرولڈ درجہ حرارت کے اندرآپ اپنی فیملی کے ساتھ زندگی کا لطف اٹھارہے ہوں،تواس کے کیا ہی کہنے۔ہیملٹن ہلز کے ڈیزائن میں معیارزندگی کے ہرپہلو کا خیال رکھا گیاہے تاکہ آپ کوکسی بھی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

## سیکیورٹی کے معاملات آپ کے ہاتھ

دیگرسوسائٹیز کی جدید سیکورٹی کے برعکس ہیملٹن ہلز میں تحفظ اورسیکورٹی کوانتہائی سمارٹ اورتیزتربنایا گیا ہے۔جہاں ہرکام پلک جھپکتے تو ہوگا،آپ اپنی سمارٹ ایپ کے ذریعے اپنے گھراورماحول کی سیکورٹی اورتحفظ کے معاملات پر ہروقت نظربھی رکھے ہونگے ۔ سکیورٹی کی یہ خصوصیت آپ کوحیران کرنے کے لیے کافی ہے کہ آپ دنیا کے کسی بھی کونے میں ہیں،اپنی سمارٹ ایپ کے ذریعے مختلف کیمروں کی بدولت آپ اپنے گھریا دفتر کی خبرلے سکتے ہیں اورکسی بھی ناگزیرصورتحال میں بروقت حفاظتی اقدامات بھی کرسکتے ہیں۔یعنی آپ کی سکیورٹی پرآپ کومکمل کنٹرول حاصل ہوگا۔

## ہیملٹن ہلز:سہولیات اورآسائشوں کی جنت

اپنی سمارٹ خصوصیات کے علاوہ ہیملٹن ہلز کا ایک اورپلس پوائنٹ اسکا کیپٹل سمارٹ سٹی کے مرکز میں واقع ہونا بھی ہے۔یعنی کہ ہمارے گیٹ پریسنٹ کے جاذب نظراورورلڈ کلاس گالف کورسز کے پرکشش علاقوں سے گزرکرجب آپ اپنے خوابوں کی جنت ہیملٹن ہلز میں پہنچیں گےتو سمارٹ فیچرز سے آراستہ لگژری لائف آپ کومنتظر ملے گی۔اب آپ اپنے گھرکے پرسکون ماحول اورارد گردپھیلی خوشحالی کا لطف اٹھائیے۔

## ہیملٹن ہلز کی خصوصیات

## ملائیشین ڈیزائن،بغیرباؤنڈری ولاز:

**فائدہ:** ہیملٹن ہلز ولاز باؤنڈری لیس ہیں تاکہ یہاں کے رہائشیوں کووسعت کے احساس کے ساتھ ساتھ قدرتی جمالیات سے بھرپورانداز میں لطف اندوز ہونے کا موقع مل سکے۔مطلب یہ کہ آپ کو یہ تمام ماحول اپنا لگے گا اورآپ اپنی پراپرٹی کی طرح یہاں کی ہرچیز کی اونرشپ لیتے ہوئے زندگی بسرکریں۔ذراتصورکیجیئے ہرروز آپ کی صبح اس طرح سے ہوکہ آپ کواپنی کھڑکی کے باہرپرکیف قدرتی نظارے دیکھنےکوملیں۔

**دوسروں سے مختلف:** ہیملٹن ہلز ولاز کی سہولیات اورطرزتعمیر ہی اسے دوسروں سے مختلف بناتے ہیں۔یہ اپنی نوعیت کا منفرد ڈیزائن ہے جواس سے قبل کسی اورسوسائٹی میں نہیں۔آپ کودوسرے کسی منصوبے میں یہ خصوصیات نہیں مل پائیں گی۔نہ موسم کے ساتھ رنگ بدلتے درختوں کے پتوں کا قدرتی ماحول ہوگا نہ ہی ٹھنڈی اورخوشگوارہوا۔



## واکنگ ٹریک نیٹ ورک:

**فائدہ:** واک کے شوقین اورصحت مند سرگرمیوں کی اہمیت سے باخبرافراد کے لیے انتہائی محفوظ اورخوبصورت واکنگ ٹریکس کا نیٹ ورک تشکیل دیا گیا ہے۔جس پر آپ کواکتاہت کا احساس پیدانہ ہوبلکہ یہ ماحول آپ کو روزانہ اورجب موقع ملے واک کے لیے کھینچ لائے۔آپ کوتاحدنظرقدرتی ماحول بھی ملےاورتحفظ کااحساس بھی۔

**دوسروں سےمختلف:** دوسرے منصوبوں میں عموماً واکنگ ٹریکس ہوتے نہیں،اگرہوں بھی توکسی علیحدہ پارک میں ہوتے ہیں جہاں تک پہنچنا ہرکسی کے لیےآسان نہیں ہوتا۔اسکے برعکس ہیملٹن ہلز کے واکنگ ٹریکس آپ کی رہائش گاہ سے ہی شروع ہوجاتے ہیں اورآپ کو ایک خوشگوار ماحول کا ساتھ فراہم کرتے ہیں۔



## کینوپی واک کا نیا فیچر:

**فائدہ:** کینوپی واک سے مراد پیدل چلنے کاوہ راستہ ہے جو زمین سے اونچائی پر بنایا گیا ہے۔مختلف بل کھاتے راستوں کا یہ نیٹ ورک ایک کینوپی سے منسلک ہے۔یہ راستے سیر کرنے والوں کے لیے محفوظ بھی ہیں اور پرسکون بھی۔کمیونٹی مصروفیات سے دورایک ایسی جگہ ہے جہاں آپ اپنا قیمتی وقت مثبت سوچوں کوپروان چڑھانے میں گزار سکتے ہیں۔یہ عام ٹریکس کی نسبت اونچائی پر بنائے گئے ہیں لہٰذا آپ کے لیے نئے تجربے سے لطف اندوز ہونے کاموقع بھی ہے۔

**دوسروں سےمختلف:** کینوپی واک کا کانسپٹ کمیونٹی روابط کومربوط رکھنے کی سوچ کےتحت تشکیل دیا گیا۔یہ وہ نیاتصوراورتجربہ ہے جسےاب تک کسی اورمنصوبے نے پیش ہی نہیں کیا۔یعنی جہاں دوسرے منصوبوں میں لوگوں کوایک دوسرے سے یوں جدا کیا جاتا ہے کہ ہرگھرانہ ساتھ والے پڑوسی سے بھی بےخبر رہتا ہےتو وہیں ہم نے ایسے معاشرے کی جانب قدم بڑھایاجہاں آپس میں عزت واحترام کے رشتے پروان چڑھ سکیں اورآپ کسی ضرورت کے تحت کسی پرڈیپنڈنٹ بھی نہ ہوں۔



## ہیملٹن کلب کی سمارٹ سہولیات:

**فائدہ:** اعلیٰ درجے کی تفریحی اورفٹنس سہولیات کوہیملٹن کلب کہتے ہیں۔ ایک دوسرے سے جڑی ہوئی سوسائٹی، انٹیگریٹڈ پارکس اور واک ویز سے ان تعلقات کومزید مضبوط کیا جارہا ہے۔ہمارا ہیملٹن کلب ایک ایسی جگہ ہے جہاں آسانی،سہولت اورخصوصیات کی بھرمار،آپ کے معاشرتی مراسم کومضبوط بنائے گی۔یہاں تفریح کے ساتھ آپ کوجدید فٹنس سہولیات بھی مہیا کی جارہی ہیں جوصحت مند زندگی میں آپ کی معاون ہوں گی۔جدید نظام کے ذریعے آپ کی فٹنس سرگرمیوں اورصحت کی رپورٹ آپ تک بروقت پہنچے گی تب ہی تو ہم کہتے ہیں ہمیں آپ کا خیال ہے۔

**دوسروں سےمختلف:** ہمارا کلب مختلف اسی لیے ہے کہ ہم صرف جدید مشینیں فراہم نہیں کرتے،ان سے فائدہ اٹھانے اورآپ کی کارکردگی کی جائزہ رپورٹ کے ساتھ آپ کو باخبر بھی کرتے ہیں۔ایک خصوصی کلب میں مختلف تقریبات کا انعقاد اورہالز کے ساتھ جم وغیرہ کی سہولیات ایک کمپلیکس میں دینا بھی دوسروں کے مقابل الگ انداز کا عکاس ہے۔

## سمارٹ ولاز:

**فائدہ:** سمارٹ ہوم آٹومیشن کے ذریعے ایسے سمارٹ ولاز تیارکیے گئے ہیں جہاں آپ کی اجازت اورگھر کے افراد کے علاوہ کسی کاداخلہ مشکل کردیا گیا



ہے۔آپ کو چابیاں اٹھانے کے جھنجھٹ میں بھی پڑنے کی ضرورت نہیں سمارٹ انٹری کارڈ اور بائیومیٹرک سسٹم آپ کوگھر میں داخلے کی سہولت دے گا۔آپ کا گھر اتنا سمارٹ ہے کہ آپ کوگھر میں استعمال ہونے والی گیس اوربجلی کی رپورٹ دے کرآئندہ پلاننگ میں مدد دیتا ہے بلکہ غیرضروری استعمال کوروکتا بھی ہے۔

**دوسروں سےمختلف:** اب آپ نے پہلے کہاں دیکھا کہ آپ کا گھر ہی آپ کو غیرضروری استعمال سے باخبر کرے اورآپ کووقت اور پیسے کی بچت میں مدد فراہم کرے۔ بلکہ آپ کی ضرورت کے مطابق ٹمپریچر کوکنٹرول کرتے ہوئے ایک آرام دہ زندگی کا سکون فراہم کرے۔مگر ہمارے سمارٹ ولاز یہ سب کرتے ہیں تب ہی تو ہم کہتے ہیں کہ یہ ایک ایسا شہر ہے جوسانس لیتا سوچتا اورسمجھتا ہے۔

## سمارٹ کچن:

**فائدہ:** آپ کا کچن کوئی عام کچن نہیں جہاں دھواں اوربےترتیبی بکھری ہو یہ خوبصورت اورجدید کچن ہیں۔جہاں دھواں اورگرمی نہیں بلکہ ایک مناسب ماحول ہمہ وقت دیا جارہا ہے۔صفائی اورنفاسب کے خصوصی اقدامات کے گئے ہیں۔ایک خوبصورت ماحول جہاں کھانا پکانا بھی ایک تفریح بن جائے۔

**دوسروں سےمختلف:** دوسروں کے مقابل ہمارے کچن امپورٹڈ فٹنگز اور فکسچر کے حامل ہیں۔روشنی اورہوا کے ساتھ دھویں کا مناسب بندوبست موجود ہے۔اب آپ کواپنے کچن میں پسینے اورآنکھوں میں جلن کا سامنا نہیں ہوگا کیونکہ آپ ہیملٹن ہلز کے خوبصورت علاقے میں اپنے گھر کا کچن استعمال کررہے ہیں۔

## GSM یوٹیلیٹی میٹر:

**فائدہ:** یہ ایسا میٹر ہے جوبطور کنزیومر ہردم آپ کا خیال رکھتا ہے۔ GSM بیسڈ میٹر کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ آپ کی ضرورت اورسہولت کے مطابق پانی ،بجلی اورگیس کومینیج کرتا ہے۔ایسے نظام کے تحت کام کرتا ہے کہ صارفین کی ضرورت کا خیال رکھتے ہوئے خدمات کی فراہمی جاری رہے تاکہ ہرگھر کوضرورت اورسہولت کے مطابق توانائی اور پانی کی دستیابی ممکن بنائی جاسکے۔کیونکہ یہ میٹر آپ کوٹیرف اوراستعمال سے متعلق مکمل رپورٹ دیتا ہے تاکہ آپ اپنے اخراجات کوکنٹرول کرسکیں۔

**دوسروں سےمختلف:** روایتی میٹرز صرف آپ کوصرف شدہ یونٹس ہی بتاتے ہیں یعنی یہ ایسے ہی ہے جیسے پانی سر سے گزرچکا ہوتو پتہ چلے کتنا نقصان ہوچکا جبکہ جی ایس ایم میٹرز آپ کوآئندہ کی پلاننگ کے ساتھ ساتھ اپنے گھر میں ہرگھنٹے استعمال ہونے والی سہولت کا مکمل پتہ دیتے ہیں۔تاکہ آپ اپنے غیرضروری اخراجات کوقابو کرسکیں۔یہ سہولت اس سے قبل کسی رہائشی سطح پراستعمال نہیں ہوئی۔

ہیملٹن ہلز
زندگی کو ملے آسائشوں کی بلندی



SMART CITIES میگزین

www.smartcitypk.com

We are **Building A Smart** Pakistan

www.lahoresmartcitypk.com


LAHORE SMART CITY

FDH Development

INAUGURATION OF

# THE PAVILION

SECTOR A **MOSQUE** | SMART **CLINIC** | 0.5MW **SOLAR BANK**















CAPITAL SMART CITY

startuphq

*Unveiling*

## CEREMONY OF

# SiLiCON VILLAGE

## RESIDENCES



# سمارٹ سٹی کل کے لئے تیار جدت سے آراستہ

## بھرپور زندگی کا کمال

### جدید انفراسٹرکچر کی تعمیر

تصور کیجئے چہل پہل سے بھرپور ایک ایسا شہر جہاں زندگی بغیر کسی رکاوٹ کے چل رہی ہو اور ہر کوئی پراطمینان زندگی گزار رہا ہو۔آج کے تیز رفتار دور میں کام منٹوں میں نہیں سیکنڈوں اور لمحوں میں ہو رہے ہیں۔ہم سب کو وقت اور تیزی کا مقابلہ بہتر ٹیکنالوجی سے کرنا ہے۔آج ہر ہاتھ میں موبائل ہے ہر گھر میں سمارٹ پراڈکٹس کی بھرمار، دفتر میں سٹیٹ آف دی آرٹ آلات یہاں تک کہ آج کی کاریں بھی سمارٹ ہو چکیں۔مگر اس جدت کے لیے ضروری ہے تیز رفتار انٹرنیٹ، جس کی بنیاد ہے بہترین اور مضبوط انفراسٹرکچر۔ ہر چیز کا حل ٹیکنالوجی میں چھپا ہے جو کہ عموماً مہنگی ہوتی ہے مگر آپ کی تیاری اور انفراسٹرکچر کی دستیابی اس ٹیکنالوجی کو قابل برداشت سطح تک لے آتی ہے، اسے ہم یوں سمجھ سکتے ہیں:

**مثال:** فرض کریں ایک علاقہ جہاں ہر چیز موجود ہے مگر وہاں آبادی ابھی چند گھروں پر مشتمل ہے مگر وہاں پر موبائل سگنلز کا مسئلہ ہے، آپ کسی بھی آپریٹر کو چاہے جتنا مرضی روشن خواب دیکھائیں وہ ادھر کا رخ کرنے سے کترائے گا کیونکہ اس کے لیے چند گھروں کے لیے انفراسٹرکچر پر پیسہ لگانا مشکل بلکہ ناممکن ہوگا۔یونہی وہاں نئے انٹرنیٹ پرووائیڈرز بھی آنے میں ہچکچائیں گے۔اس طرح آپ جدید ٹیکنالوجی کی اچھی اور بہتر سہولیات سے دیر تک محروم رہیں گے۔آج بہت سی جگہوں اور سوسائٹیوں میں صارفین کو ان مسائل کا سامنا ہے۔جس کا حل سمارٹ سٹی نے ''کل کی تیاری آج سے'' کے نظریے کے تحت پیش کیا۔

**کل کی تیاری آج سے:** سمارٹ سٹی وہ شہر بننے جا رہا ہے جس میں موجود آسانیوں اور جدت کے پیچھے ہمارے ٹیکنالوجی کے ماہرین کا تیار کردہ مضبوط ملٹی آپریٹر نیٹ ورک کام کر رہا ہوگا۔ہم نے آنے والے کل کی ضرورت کے مطابق انفراسٹرکچر آج ہی بچھا دیا ہے تا کہ کسی بھی نئے آپریٹر کو پلگ اینڈ پلے انوائرنمنٹ ملے۔ایک ایسے سمارٹ دور کا آغاز جہاں ہر چیز ٹیکنالوجی اور سمارٹ ٹیک سے جڑ چکی ہے، یہ نیٹ ورک شہر میں ہر نئی اور موجودہ ٹیکنالوجی کے لیے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔اس شہر میں آپ کو اپنی مرضی کے آپریٹر کا سالوں انتظار نہیں کرنا پڑے گا۔جس کی وجہ ہماری وہ سوچ اور نظر ہے جو آج ہی سے آنے والے کل کو دیکھ اور سمجھ رہی ہے۔یہاں پر ہم نے 5G ٹیکنالوجی کا انفراسٹرکچر پہلے ہی نصب کر دیا ہے تا کہ ٹیکنالوجی کی دستیابی پر کسی اکھاڑ پچھاڑ کی ضرورت نہ پڑے۔ آپ کے آپریٹر کو آبادی بڑھنے، بجٹ منظور کرانے اور پالیسی بنانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔سمارٹ سٹی میں پہلے ہی نئی ٹیکنالوجیز کو خوش آمدید کہنے کے لیے بہترین نیٹ ورک اور انفراسٹرکچر انسٹال کر دیا گیا ہے۔

### سمارٹ فیوچرسٹک اپروچ:

آپ نے دیکھا ہوگا عام شہروں اور سوسائٹیوں میں بیسک انفراسٹرکچر مکمل ہونے کے بعد دوبارہ کھدائی اور انفراسٹرکچرل ڈویلپمنٹ کا کام شروع ہو جاتا ہے، انہیں نئی ٹیکنالوجیز کی خاطر نئے آلات اور تاریں بچھانے کے لیے اکثر سڑکوں اور راستوں تک کی کھدائی کرنا پڑتی ہے۔صرف سمارٹ سٹی کے لیے نہیں! ہم نے مستقبل کے لیے یہ سوچ اور طریقہ اپنایا کہ دوسرے اس کو فالو کریں۔ ہم نے مستقبل کی 5G ٹیکنالوجی کے لیے انفراسٹرکچر اور سہولیات پہلے ہی انسٹال کر دیں ہیں تا کہ کوئی بھی نئی ٹیکنالوجی بلا تاخیر سمارٹ سٹی کے باسیوں کو سب سے پہلے ملے۔ کیونکہ مزید تعمیراتی عمل سے پیدا ہونے والی افراتفری یا کام کی سر دردی یہاں نہیں ہے۔آپ کے گھر، راستے اور سڑکیں مستقبل کو خوش آمدید کہنے کے لیے بالکل تیار ہیں۔

### رسائی سب کے لیے

ہم جانتے ہیں آپ کے لیے صرف انٹرنیٹ کافی نہیں بلکہ تیز رفتار انٹرنیٹ ہی کی بات چلے گی ،یعنی اگر انٹرنیٹ میں تیزی نہیں تو آپ چاہے طالب علم ہوں، بزنس مین یا عام گھریلو خواتین سست رفتار انٹرنیٹ کا کوئی فائدہ نہیں۔سمارٹ سٹی میں ایسے انتظامات کیے گئے ہیں کہ انٹرنیٹ ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کو بڑھانے میں کوئی مشکل نہ پیش آئے یعنی صارفین کی تعداد زیادہ بھی ہو تو فرق نہ پڑے ۔ایسے ہی ہم نے فائبر ٹو دی ہوم (FTTH) گیگابٹ پیسو آپٹیکل نیٹ ورک (GPON) ٹیکنالوجی کو اپنا کر نیٹ سپیڈ کا یہ مسئلہ بھی حل کر دیا۔اسے ایک ایسا جادو سمجھیں جو آپ کے گھر تک انتہائی تیز اور قابل بھروسہ انٹرنیٹ پہنچاتا ہے۔مزید انتظار نہیں؛ جلد ہی آپ کی انگلیاں صرف تیز آن لائن تجربات سے گزریں گی۔

### ہمہ وقت قابل بھروسہ نیٹ ورک

آپ نے بھی یقیناً کنکشن لاسٹ کی مشکلات دیکھی ہوں گی، مگر اب فکر نہیں۔ ہمارا نیٹ ورک غیر ضروری کنکشنز اور لنک فیلئر کو مدنظر رکھ کر ڈیزائن کیا گیا ہے۔اس سے مراد یہ ہے کہ آپ کے نیٹ ورک کو کئی راستے فراہم کر دیے گئے ہیں جن میں وائرلیس کنکشنز بھی شامل ہیں۔ ہمارا نیٹ ورک اتنا سمارٹ ہے کہ اگر نیٹ ورک کے راستے میں کوئی ڈیوائس خراب ہو جاتی ہے یا کسی وجہ سے کام نہیں کر پاتی تو دوسرا راستہ اور ڈیوائس اسکی جگہ خود بخود کام شروع کر دیتا ہے تا کہ آپ کو نیٹ ورک کی بلاتعطل فراہمی جاری رہے، یا پھر آپ کا ڈیٹا منزل تک باآسانی پہنچ سکے۔اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ نیٹ ورک سے جڑے رہیں۔ ہمارے پاس لوڈ بیلنسنگ کی صورت نیٹ ورک ٹریفک کو کنٹرول کرنے کے انتظامات بھی موجود ہیں۔

### محفوظ ترین وائرلیس کنکشن

Wi-Fi کی شہرت اور ضرورت سے انکار ممکن ہی نہیں۔سمارٹ سٹی میں ہمیں WPA3 کے سکیورٹی سٹینڈرڈز کی بدولت جہاں قابل اعتماد سسٹم دستیاب ہوگا وہیں بلا اجازت مداخلت کاروں سے پاک وائی فائی کی سہولت بھی میسر ہے۔ یہ آپ کی وائرلیس دنیا کے گرد ایک جدید ترین پوشیدہ ڈھال کی طرح ہے۔اس کے علاوہ، ہم نے ایسا سمارٹ نظام ترتیب دیا ہے جو کسی بھی مشکوک سرگرمی پر نظر رکھتا ہے اور غیر مجاز مداخلت کرنے والوں کو روکتا ہے تا کہ صرف اصل استعمال کنندگان ہی رسائی حاصل کر سکیں، یعنی آپ کا نیٹ ورک چوری یا غلط استعمال نہ ہو۔

### مسائل سے نمٹنے کو تیار

ہمارا نیٹ ورک چاک و چوبند اور ہوشیار نگران کی طرح کام کرتا ہے۔ جو مصنوعی ذہانت اور مشین لرننگ کا استعمال کرتے ہوئے کسی بھی ممکنہ مسئلے سے اس کے رونما ہونے سے پہلے ہی باخبر کر دیتا ہے۔ ہمارا ریئل ٹائم الرٹس کا نظام ایسا ہی ہے جیسا کہ آپ کو کندھے پر تھپتھپاتے ہوئے کوئی خبردار کر رہا ہو کہ بھائی فلاں چیز کی طرف توجہ کی ضرورت ہے یہ سب کچھ! آپ کے آن لائن تجربے کو ہر قسم کی رکاوٹ اور مداخلت سے پاک بنانے کے لیے ہے۔

### سمارٹ نیٹ ورک

ہمارا نیٹ ورک آپ کے ایسے دوست کی طرح ہے جو آپ کی ضرورت کے وقت خود کو ایڈجسٹ کرتا اور آپ کی مدد کرتا ہے۔ہم نے ڈائنمک بینڈوڈتھ کے تحت اس بات کو یقینی بنایا کہ ہر ایک کی ضرورت کیمطابق تیز تر نیٹ ورک میسر رہے۔ایڈاپٹو سٹریمنگ پروٹوکول کے ذریعے دستیاب بینڈوڈتھ کی ایڈجسٹمنٹ اور ویڈیو سٹریمنگ کے حل کے لیے تیز ترین اور معیاری نیٹ ورک تیار کیا گیا ہے تا کہ آپ کے آن لائن کام پلک جھپکتے میں انجام پائیں۔

### کوالٹی آف سروس۔ایک اور برتری

کوالٹی آف سروس (QoS) کا اطلاق، آن لائن ورلڈ میں وی آئی پی ہونے جیسا ہے۔ہم نیٹ ورک ٹریفک کی مختلف اقسام کو ترجیح دینے والے پروٹوکولز اپناتے ہیں، تا کہ ویڈیو کالز اور آن لائن میٹنگز جیسی سرگرمیوں کو VIP ٹریٹمنٹ ملے۔ضرورت کے مطابق کیو او ایس ایڈجسٹمنٹ کے لیے مخصوص ٹیکنالوجی کام کر رہی ہے جس کا مقصد مختلف ایپلیکیشنز اور سروسز کی درجہ بندی اور شناخت ہے۔تا کہ آپ کی آن لائن سرگرمیوں کو ہر ممکن حد تک محفوظ، تیز اور مستحکم بنایا جا سکے۔

### سمارٹ سٹی۔جہاں تیز ہے زندگی

ہم محفوظ اور موثر نیٹ ورک کے ذریعے دنیا سے منسلک ایک ایسا شہر بسا رہے ہیں جس میں زندگی تو ہے وہ خود بھی زندہ ہے۔جہاں سمارٹ فیوچر ٹیکنالوجیز کا نیٹ ورک پردے کے پیچھے رہ کر پورے شہر کو سنبھالے ہوئے ہے۔اس خواب کو حقیقت بنایا جا رہا ہے کہ بہترین، قابل بھروسہ اور محفوظ آن لائن تجربات آپ کی متحرک زندگی کا حصہ ہوں۔آپ کا سمارٹ سٹی–جہاں زندگی متحرک بھی ہے اور تیز بھی۔



# ایڈونچر ایرینا کھیل کی سرگرمیوں میں ایک سنسنی خیز اضافہ

ایڈونچر ایرینا کی تیاری کے لیے ایم او یو پر دستخط دراصل کھیلوں کی سرگرمیوں میں نئے اور سنسنی خیز دور کی جانب اہم پیشرفت کا واضح اشارہ ہے۔ یہ دلچسپ منصوبہ ایڈونچر کے شوقین اور یادگار تجربات کے متلاشی سیاحوں اور فیملیز کے لیے ترجیحی مقام بنے گا۔

## ایک منفرد مہم جوئی کے لیے تیار ہو جائیں!

شہر کا سارا منظر ایڈرینالائن پمپنگ کے مرکز میں تبدیل ہونے جا رہا ہے۔ ایڈونچر ایرینا کو اپنی دلچسپ سرگرمیوں اور عوامل کی بدولت سمارٹ سٹی میں انتہائی اہمیت حاصل ہوگی۔ اس انقلابی منصوبے کو کھیل اور تفریح کے تصور کو نئے سرے سے اجاگر کرنے کی غرض سے تیار کیا جا رہا ہے، جو شائقین اور سیاحوں دونوں کے لیے ایک بے مثال تجربہ بن کر ابھرے گا۔

## ایڈونچر کی سچی مثال

ایڈونچر ایرینا کو آپ صرف ایک اسپورٹس کمپلیکس کے طور پر نہ جانیں۔ یہ مہم جوئی کی وہ مثال ہے جسے آپ تک جلد از جلد پہنچانے اور آپ کو دیکھانے کے لیے ہم آپ سے زیادہ بے تاب ہیں، تو انتظار کیجئے کہ کیا شاہکار بننے جا رہا ہے جو پہلے آپ نے سوچا بھی نہ ہوگا۔ تصور کریں ایک ایسی جگہ کا جہاں ایڈونچر یا مہم جوئی کے دلدادہ افراد کے لیے سنسنی کو جدید ترین سہولیات سے جوڑا جا رہا ہے، ایسا ماحول ترتیب دیا جا رہا ہے جو کھیلوں کے ہر شوقین کے خوابوں کو پورا کرتا ہو، چاہے آپ ایکسٹریم سپورٹس کے شوق میں مبتلا ایڈرینالین جنکی ہوں یا کوئی مناسب تفریحی سرگرمی کے دیوانے، ایڈونچر ایرینا میں سب کچھ ہے۔

## انڈور گیمنگ ایرینا

مکمل انڈور گیمنگ ایرینا کے اندر ایڈونچر سے بھرپور لامحدود سرگرمیوں کی دنیا کو آپ اپنا منتظر پائیں گے۔ بیڈمنٹن، اسکواش کورٹس، ٹینس کورٹس اور ٹیبل ٹینس سے لے کر ہر وہ چیز جو آپ گیمنگ کے پرُ جوش تجربے کے لیے چاہتے ہیں آپ کو دستیاب ہوگی۔ پورا ماحول مقابلے اور جیت کے جذبات سے بھرا ہوا ہے، جہاں پر کھلاڑی اور تماشائی دونوں ناقابل فراموش لمحات سے محظوظ ہونگے۔

## بین الاقوامی معیار کا سوئمنگ پول اور باؤلنگ ایلے

ہمارا بین الاقوامی معیار کا حامل سوئمنگ پول آپ کی سہولت اور آسائش کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا جا رہا ہے، جس کے پانی کی صفائی اور حرارت کو موسم اور حالات کے مطابق سمارٹ نظام کے ذریعے کنٹرول کیا جائے گا۔ صاف شفاف پانی فٹنس کے شوقین افراد اور سکون کے متلاشی افراد کو یکساں طور پر لطف اندوز کرے گا۔ باؤلنگ ایلے آپ کے فراغت کے لمحات میں بہترین خوبصورتی کا اضافہ ہے، جہاں مہارت اور تفریح کا بہترین امتزاج پیش کیا جا رہا ہے۔ ہم ایڈونچر ایرینا کو صرف کھیلوں تک محدود نہیں رکھنا چاہتے بلکہ اسے آپ کے لیے بہترین لمحات کی یادگار بنانا چاہتے ہیں۔

## سپورٹس کمپلیکس کی سال کے اندر تکمیل

ہمارا ارادہ سپورٹس کمپلیکس کو اپنی خوبصورتی اور نفاست کے ساتھ اس سال کے اندر مکمل کرنے کا ہے تاکہ آپ جلد از جلد انٹرٹینمنٹ، ایڈونچر اور تفریح سے بھرپور دور کا حصہ بنیں۔ فن تعمیر اور ڈیزائن کی جدت اس بات اور وعدے کی تکمیل ہے کہ ایڈونچر ایرینا ترقی اور خوبصورتی میں نیا اضافہ ہو۔

## ہر عمر کے افراد کے لیے کھیل کی سہولیات

ایڈونچر ایرینا ایک ایسی جگہ ہے جہاں خواب عمر کی رکاوٹوں سے بالاتر ہیں۔ بڑوں اور بچوں کے لیے علیحدہ کرکٹ اور فٹ بال اکیڈمیوں سے لے کر دیگر تمام سہولیات تک ہر عمر اور جنس کی ضروریات کا خیال رکھا جا رہا ہے تاکہ زندگی کے ہر مرحلے پر ٹیلنٹ کو فروغ دینے کے ساتھ سب کو خوشیوں تک پہنچنے کے یکساں مواقع فراہم کیے جائیں۔ چاہے آپ ابھرتے ہوئے اسپورٹس اسٹار ہیں یا تجربہ کار کھلاڑی، ایڈونچر ایرینا ہی آپ کی پسند اور ضرورت کے مطابق کھیل کی سہولیات کا مرکز ہے۔

## کھیل و تفریح ایک ساتھ

سمارٹ سٹی میں ایڈونچر ایرینا کی موجودگی اسکی اہمیت اور مقام میں اضافہ ثابت ہوگا؛ اب یہ کوئی عام ایرینا نہیں بننے جا رہا بلکہ سمارٹ سٹی کے معیار کے مطابق عالمی سطح کی سہولیات کے ساتھ جوش و جذبے، سکون اور جدت پر مبنی سرگرمیوں کی ایک چھت تلے دستیابی کا ذریعے بنے گا۔ ایم او یو کے کاغذات کو دستخطوں کی سیاہی نے جیسے ہی چھوا جدت اور ایڈونچر میں ڈوبی دنیا نے اپنے نقوش ظاہر کرنا شروع کر دیے، مراد یہ ہے کہ ایڈونچر ایرینا پر کام شروع ہو چکا۔ یہی تو ہمارا وعدہ ہے، شہر کی شہرت کو جدید تفریحی سرگرمیوں سے سجانے کا۔

## کھیلوں کا ایسا جادو جو سر چڑھ کر بولے

تو پھر کیا آپ ایک ایسے منظر کے سحر میں کھو جانے کو تیار ہیں جہاں ہر جگہ کھیلوں اور مہم جوئی کا نئے سے نیا انداز آپ کی راہ دیکھتا ہو۔ ایڈونچر ایرینا کو فزیکل ایکٹویٹیز کے ساتھ ایک ایسے مقام کے طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے جہاں پر آپ کو ہر سہولت میسر ہو۔ یہ ایک ایسی پناہ گاہ ہے جہاں کھیلوں کا جذبہ پروان چڑھے گا، جہاں کھلاڑیوں اور تماشائیوں دونوں کے لیے حیرت کا سامان موجود ہوگا، اور یہ بے اختیار پکار اٹھیں یہی تو ہوتا ہے ایڈونچر ایرینا۔

## الٹی گنتی کا آغاز

تو پھر ریڈی ہو جائیں اور ایک قابل دید جوش و خروش کی تیاری کر لیں کیونکہ ایڈونچر ایرینا سال کے اندر مکمل اسپورٹس کمپلیکس کی صورت میں آپ کے سامنے ہوگا یعنی الٹی گنتی کا آغاز ہو چکا۔ جدید اور خوبصورت فن تعمیر ہو یا پیچیدہ منصوبہ بندی، سپورٹس کمپلیکس کی تیاری میں اس بات کا خیال رکھا جا رہا ہے کہ کمپلیکس کا ہر انچ شہر کی ترقی، جدت اور خوبصورتی میں اپنی مثال آپ ہو۔

تو پھر ہم کیوں نہ کہیں کہ ایڈونچر ایرینا بھی اس جدید طرز زندگی کا حصہ ہے جو انسان کی جسمانی تندرستی کے ساتھ جواں جذبوں کو برقرار رکھنے کے لیے اہم ہے۔ ایڈونچر ایرینا کی تیاری کے معاہدے پر دستخط کے ساتھ ہی، شاندار کارکردگی کے اظہار کا سٹیج سیٹ ہو چکا، جہاں کھیل، لگژری اور کمیونٹی ایک دوسرے کا حصہ ہوں گے۔ جہاں گیم کی سنسنی بھی ہو اور جدت بھری زندگی بھی۔ صرف ایک سال کے اندر سپورٹس کمپلیکس کی تکمیل کا ہدف بھی ایک جذبے کی نشاندہی کرتا ہے۔ تو ایک اور شاہکار بہت جلد سامنے آنے والا ہے!

**مہم جوئی کے لیے تیار ہو جائیں، کہ کوئی اور نہیں-ایڈونچر ایرینا آپ کا انتظار کر رہا ہے!**








CAPITAL
SMART CITY

Capital Smart City is proud to launch

# SiLiCON VILLAGE

CONNECT, COLLABORATE, INNOVATE








## FUEL YOUR PASSION FOR INNOVATION AT *SILICON VILLAGE*

Be part of the tech revolution at Silicon Village
Where Dreams Engineer Tomorrow! Pakistan's premier tech hub beckons tech enthusiasts, innovators, and entrepreneurs. Let's build the future of technology!

UK : +44 788 138 8270 & 80 | UAN : +92 51 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 SMART (76278)

www.smartcitypk.com smartcitypk smartcitypak sales@smartcitypk.com smartcitypk1 capitalsmartcity

SJ SURBANA JURONG SINGAPORE HRL HABIB RAFIQ (PVT.) LTD. FDH Development

# لاہور سمارٹ سٹی ایک جائزہ

## سمارٹ زندگی کا بہتر فیصلہ

لاہورسمارٹ سٹی ایک مستقبل انگیز منصوبے کی حقیقت کا نام ہے۔M-2موٹروے کے نزدیک لاہورسیالکوٹ موٹروےM-11 اورلاہوررنگ روڈ پر واقع؛لاہورسمارٹ سٹی آنے والےکل کے جدیداورعالمی معیارکےساتھ بےشمارکاروباری مواقعوں کا حامل بھی ہے۔دنیا کاتیسواں سمارٹ سٹی اپنے اندر بےشمارکمرشل اورریذیڈنشل خوبیاں رکھتا ہے۔سمارٹ سٹی دراصل کئی شہروں کا مجموعہ ہے،کئی شعبوں کو ساتھ ملاکرمعاشرتی زندگی کا ایسا حصہ، جہاں ہرچیز کا ایک معیار اورمقدارمقررہو،تواسی لیے ہم اسے سمارٹ سٹی کہتے ہیں۔آسان الفاظ میں یوں سمجھیں جہاں پانی،بجلی،تعلیم،صحت،تفریح،آسائش اوردیگرتمام ضروریات زندگی کوناصرف ایک حساب میں رکھاجاتا ہے بلکہ ہرچیز کا حساب کتاب رکھا جاتا ہے۔

## لاہورسمارٹ سٹی اورروڈ نیٹ ورک

شہروں کے شہرلاہورسمارٹ سٹی کی 300 فٹ چوڑی مین بولیورڈ N-5 ،جی ٹی روڈاورلاہوررنگ روڈ سے لاہورسمارٹ سٹی تک پہنچنے کا آسان راستہ ہے۔اس کے علاوہ ایک وسیع روڈ نیٹ ورک رابطے اورسہولت کو بڑھاتا ہے۔ ہراہم موڑ سے منسلک ہمارابی آرٹی سسٹم بھی آمدورفت کی ضرورت پوری کررہاہے۔

## شہریوں کی ضرورت کاہرلمحہ خیال

سمارٹ سٹی میں شہریوں کی آسانی کے تمام پہلوؤں کا خیال رکھا گیا ہے جیسے170 مربع فٹ تک چوڑی اوپن سپیسز منصوبے کی کشادگی اورخوشگوارآب وہوا کوممکن بناتی ہیں تو10 کلومیٹرپرمشتمل لینئر پارک بھی تفریح طبع کی ضرورت کے مطابق ہے۔ایسے ہی1300 کنال پرمشتمل تھیم پارک اورسپورٹس ڈسٹرکٹ کے ساتھ 20 میل طویل تفریحی گزرگاہیں وہ خصوصیات ہیں جولاہورسمارٹ سٹی میں عوام کی دلچسپی بڑھارہی ہیں۔

## صحت وتعلیم پرتوجہ

یہ خصوصیت آپ کو چندہی منصوبوں میں ملے گی کہ شہریوں کی رہائشی کے ساتھ ساتھ ذاتی ضروریات کا بھی خیال رکھاجائے۔اس حوالے سے شہریوں کو عالمی معیارکی صحت کی سہولیات فراہم کرنے کے لیے بہت سے عالمی ادارے سمارٹ سٹی کا حصہ بنیں گے،جن میں پنک ربن ہسپتال نےتوپاکستان میں خدمات کا آغاز بھی کردیاہے۔ایسے ہی دیگرعالمی شہرت یافتہ ہسپتال بھی سمارٹ سٹی کا حصہ ہیں۔صحت کےساتھ تعلیم کا کردارشایدروٹی سے بھی زیادہ ضروری ہے جوتربیت کے ساتھ شخصیت سازی میں بھی بنیادی اہمت رکھتاہے۔سمارٹ سٹی کے مستقبل کوبین الاقوامی معیارکی تعلیم کے تجربے سے گزارکرکندن بنانے کے لیےسمارٹ سٹیم سکول اینڈ کالج کااقدام اٹھایا گیاہے جہاں پربچوں کوروایتی کے ساتھ عملی تعلیم کے مواقع بھی ملیں گے۔جبکہ متعدداعلیٰ پائے کی یونیورسٹیاں اورادارے بھی سوسائٹی کاحصہ بن چکے ہیں۔

## فوڈ ٹیک ویلی کی انفرادیت

لاہورسمارٹ سٹی میں ہماری سب سے بڑی انفرادیت فوڈ ٹیک ویلی کا قیام ہے۔ایک ایسی حقیقت جوآپ نے پاکستان میں تواس پہلےنہیں دیکھی ہوگی۔یہ وہ تصورہے جس کے تحت سوسائٹی کے اندرہی سات منزلہ فوڈ گروئنگ ایریا تیارکیا جارہاہے جہاں ان ڈورکنٹرولڈ انوائرمنٹ میں سبزیاں اُگائی جائیں گی جوکہ آرگینک فوڈ ہوگا۔یہ فیسلٹی ہمارے ممبران کو انڈوردستیاب ہوگی۔جس سے وہ اپنی روزمرہ کی ضرورت پوری کریں گے ۔یعنی انہیں ایک صحت بخش غذامیسرہوگی۔

## جوپہلے دیکھانہیں

ایک ایسامنصوبہ جوتجارتی واقتصادی سرگرمیوں،صحت وتعلیم کی سہولیات،تفریحی اوررہائشی خصوصیات میں اپنی مثال آپ ہے۔بین الاقوامی شہرت یافتہ ماہرین کاڈیزائن کردہ منفرد طرزتعمیر کاشاہکار لاہورسمارٹ سٹی اپنی سہولیات،آرام اورجمالیات کا خوبصورت مجسمہ ہے۔دراصل سمارٹ لائف سٹائل کے ساتھ بےمثال سہولیات کا خوبصورت امتزاج ہی لاہورسمارٹ سٹی اورکیپٹل سمارٹ سٹی کی اصل تعریف ہے۔اس طویل فہرست میں سے چندسہولیات کا خلاصہ کچھ یوں بیان کیا جاسکتا ہے کہ:

- ☆ طاقتورHD سی سی ٹی وی کیمروں اورسینسرز کی بدولت تیارکردہ ایسی سمارٹ سکیورٹی جو ہر بلڈنگ کوچاروں طرف سے محفوظ بناتے ہوئے ہرقسم کی غیرمعمولی سرگرمیوں پر ہروقت نظررکھے ہوئے ہے۔
- ☆ مانیٹرنگ کے ذریعے نیٹ ورک کی دستیابی اورسکیورٹی مسائل کا جائزہ۔
- ☆ سپورٹس سرگرمیوں،جمنیزیم،سکیٹ پارکس اورباسکٹ بال کورٹس کے لیے 90,400مربع فٹ کارقبہ مختص۔
- ☆ پریسیشن فارمنگ اورہائیڈروپونکس جیسے جدید زرعی طریقوں کے ذریعے چھوٹی سی جگہ سے زیادہ مقدار میں فصل اگائی جائے گی اوریہ سہولت سمارٹ سٹی کے تمام شہریوں کو میسرہوگی۔
- ☆ سمارٹ سٹی کا فنانشل سکوائرریجن کا سب سے بڑافنانشل حب بننے جارہاہے جس سے کاروباروتجارت کوفروغ ملے گا۔اس فنانشل سکوائر کی خاص بات پاک قطرفنانشل سنٹر کا قیام اورسی پیک ٹاورکی تعمیرہے جواس سیکٹر کی اقتصادی سرگرمیوں میں قلیدی کرداراداکریں گے۔
- ☆ شہر کے ہرکونے کوآپس میں جوڑتا اورآسان رسائی کوممکن بناتا ایک جامع اورمربوط بی آرٹی سسٹم۔
- ☆ صحت مندزندگی اورتندرست جسم کوتقویت دیتے کھلے مقامات،تھیم پارک کے ہمراہ1.7 کلومیٹرطویل واک ویز
- ☆ ہیلتھ ڈسٹرکٹ میں صحت کی بہترین سہولیات اورمکمل آلات سے آراستہ لیبارٹریاں،کلینک اورہسپتال
- ☆ بنیادی ڈھانچے کی تیاری اورترقیاتی کام انتہائی برق رفتاری سے جاری۔
- ☆ محنتی اورقابل ٹیم تکمیل کے متعدداہم سنگ میل عبورکرچکی۔
- ☆ تعلیمی خدمات کے تحت طلباء اورطالبات کے لیے دی سمارٹ سٹیم سکول اورکالج کا آغاز۔

---

اپنے آغاز سے اب تک ،سمارٹ سٹی کی ہرصبح ایک نئی کامیابی کا سورج لے کرطلوع ہوتی ہے۔پراپرٹی کے شعبہ میں اپنی جدید،مستقبل انگیز اورعالمی معیارات کی حامل اپروچ کی بناپر،سمارٹ سٹی نئے کاروباراورسرمایہ کاروں کی اولین ترجیح ہے۔



# سمارٹ سٹی مذہبی روایات کا خوبصورت امین

سمارٹ سٹی جہاں اپنے صارفین کی رہائشی ضروریات کے جدید معیار پر توجہ دے رہا ہے اور دنیا بھر سے تعمیراتی ماہرین کی خدمات لے کر دل کو چھو لینے والے عمارتوں کے ڈیزائنز کے ساتھ سب پر سبقت حاصل کر رہا ہے وہیں ہم اپنے مذہبی عقائد کی تقویت اور آسانی کے لیے بھی کوشاں ہیں۔ اس سلسلے میں سمارٹ سٹی کے ہر سیکٹر میں مساجد موجود ہیں جن میں ڈیزائن کی خوبصورتی اور نمازیوں کی سہولت کا خیال رکھا گیا ہے۔

## روایت سے تعمیراتی جدت تک

سمارٹ سٹی میں خوبصورت مساجد کی تعمیر کا مقصد یہاں کے رہائشیوں کو مذہبی فرائض کی ادائیگی کی ایسی شاندار اور جدید سہولیات فراہم کرنا ہے جو ان کی روح کی تازگی کے ساتھ آنکھوں کے لیے فرحت کا باعث بھی بنے۔ روایت سے تعمیراتی جدت تک کے اس سفر میں سمارٹ سٹی میں 100 کے قریب مساجد تعمیر ہو رہی ہیں۔

## تین قسم کی مساجد اور منفرد تعمیراتی انداز

### سیکٹر مساجد:

سمارٹ سٹی میں تین مختلف قسم کی مساجد کی تعمیر ہو رہی ہے جو بڑے پیمانے پر کمیونٹی کو سہولت پہنچا رہی ہیں۔ ان میں سب سے پہلی ہماری سیکٹر مساجد ہیں۔ 80 سے زائد ہماری سیکٹر مساجد کی خاصیت یہ ہے کہ یہ ہر سیکٹر میں قائم کی جا رہی ہیں۔ سیکٹر مساجد میں 500 سے 1000 نمازیوں کی گنجائش ہوگی۔

### ڈسٹرکٹ مساجد:

ڈسٹرکٹ مساجد ہماری مساجد کی نسبتاً بڑی کیٹیگری ہے جو ہر ڈسٹرکٹ میں ایک قائم ہوگی خوبصورت طرز تعمیر کی مثال ان مساجد کی کُل تعداد 12 ہوں گی۔ جو ایک پورے ڈسٹرکٹ کے نمازیوں کے لیے اتنی مناسب گنجائش ہے کہ جہاں پر وہ اپنے مذہبی فرائض مکمل سکون کے ساتھ ادا کر سکیں۔ اس کی ایک مثال حال ہی میں مکمل ہونے والی ہماری ایک مسجد ہے جو اوورسیز ایسٹ میں مکمل ہوئی۔

## شاندار تعمیراتی حسن کا کمال گرینڈ جامع مسجد

اس عظیم الشان جامع مسجد کی سب سے بڑی خصوصیت اسکا ڈیزائن ہے۔ 25,000 نمازیوں کی گنجائش والی اس مسجد کا ڈیزائن سپین کی مشہور قرطبہ مسجد کی طرز پر تیار کیا جا رہا ہے۔ مسجد قرطبہ کو مسلم تاریخ میں خاص اہمیت اور مرتبہ حاصل ہے۔ شاعرِ مشرق ڈاکٹر علامہ محمد اقبال نے بھی اپنے اشعار میں مسجد قرطبہ کو یاد کیا اور انہیں یہ شرف بھی حاصل تھا کہ انہوں نے خصوصی درخواست کر کے مسجد قرطبہ میں نماز ادا کی تھی۔ اسی حوالے سے سمارٹ سٹی نے بھی اپنی گرینڈ جامع مسجد کو مسجد قرطبہ کا تعمیراتی ڈیزائن دینے کا فیصلہ کیا۔ اس سلسلے میں سمارٹ سٹی نے باقاعدہ اجازت حاصل کی تا کہ اپنے اس مشہور اسلامی تاریخی ورثے کو اپنے انداز میں خراجِ عقیدت پیش کیا جائے۔

## روحانی اور معاشرتی انضمام کی خوبصورتی

سمارٹ سٹی کے اعلیٰ معیار تجارتی و رہائشی مرکز Lake View Heights کے پاس، بی بلاک کے سامنے گرینڈ جامع مسجد کی موجودگی اپنے اندر روحانی اور معاشرتی انضمام کی خوبصورتی لیے ہوئے ہے۔ جس کے ساتھ ہی 6 کنال پر مشتمل سکول بھی موجود ہے، یوں اس مقام کو بیک وقت دینی اور دنیاوی تعلیم کے حوالے سے بھی اہمیت حاصل ہوگی۔

## شاہکار فن تعمیر کی علامت

جامع مسجد ایک ایسے عظیم الشان کمپلیکس کے طور پر کھڑی ہے، جس میں لکڑی، ایلومینیم اور لوہے کا خوبصورت استعمال آپ کے سامنے ایک باوقار تعمیراتی سٹرکچر پیش کرتا ہے۔

## ڈبل ہائیٹڈ انٹرنس

گرینڈ جامع مسجد نمازیوں کا استقبال اپنی خوبصورت اور جاندار ڈبل ہائیٹڈ اور نفیس انٹرنس کے ذریعے کرتی ہے، جس سے عظمت اور تعظیم کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ یہ ڈیزائن نہ صرف جمالیاتی کشش بڑھاتا ہے بلکہ اس مقدس جگہ پر داخل ہوتے ہی روحانی سکون کا احساس بھی دلاتا ہے۔

## وضو کی سمارٹ سہولیات

گرینڈ جامع مسجد کے اندر، سینسرز سے لیس سمارٹ نل وضو کے دوران پانی کے مناسب استعمال کو یقینی بناتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کا یہ انضمام نہ صرف پانی کی بچت کے لیے ضروری تھا بلکہ نفاست کے عمل میں بھی اہم ہے۔

## ہوادار ماحول

مسجد میں ماحولیاتی شدت کو کنٹرول کرنے کا جدید نظام نصب ہے۔ تا کہ نمازیوں کو نماز کے دوران آرام دہ اور ہوادار ماحول میسر رہے۔

## سمارٹ لائٹنگ کا نظام

سمارٹ لائٹنگ سسٹم گرینڈ جامع مسجد کے ماحول کو مزید باوقار بناتا ہے، یہ نظام ایڈجسٹ ایبل خصوصیات کا حامل ہے اور نظر کے لیے کشش کا باعث بھی۔

## معاشرتی فوائد

مسجد میں انٹرا ایکٹو معلومات کا بندوبست کیا گیا ہے، جو نمازیوں کو تاریخی واقعات، نماز کے اوقات، اور معاشرتی اعلانات کے ذریعے سہولت پہنچاتا ہے۔

## حفاظت اور تقدس کا خیال

گرینڈ جامع مسجد میں نمازیوں کی حفاظت کو سمارٹ سیکیورٹی سسٹم کے ذریعے ممکن بنایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ ٹیکنالوجی کی مدد سے نگرانی کا عمل سخت کیا جا چکا ہے۔ سمارٹ کیمرے مسجد کے تقدس کو برقرار رکھتے ہوئے ایک محفوظ ماحول میں معاون ہیں۔ کورونا جیسے حالات میں بھی مسجد میں نمازیوں کی حفاظت کے خصوصی اقدامات کیے گئے۔

## ماحول دوست فطری حسن

گرینڈ جامع مسجد کے اردگرد موجود جدید عمارتیں اور فطری حسن سمارٹ سہولیات کا ناقابل فراموش تجربہ پیش کرتے ہیں۔ مسجد میں صفائی اور خوبصورتی برقرار رکھنے کے لیے پانی کی فراہمی کا جدید نظام بہترین انداز میں کام کر رہا ہے۔ ہمارا ایمان ہے کہ ہماری یہ خدمت اللہ کے ہاں ایک صدقہ جاریہ کے طور پر کام آئے گی۔



CAPITAL
SMART CITY

WE ARE BUILDING A SMART PAKISTAN

THE
SMART
VILLAS

Welcome to Your
Smart Haven!

in Capital Smart City



## SMART VILLAS - THE EPITOME OF ADVANCED LIVING

A futuristic blend of innovation and luxury. Contemporary, Mediterranean, or Georgian style, choose the lifestyle that resonates you.

**10 MARLA TO 4 KANAL VILLAS**

Standard | Semi-furnished | Fully-furnished | Luxury-furnished




Marking a significant stride towards ensuring an uninterrupted and vibrant energy supply for Capital Smart City, the agreement signing for the transfer of 20 Kanal land to IESCO marks a pivotal moment in our journey. This strategic move lays the foundation for the construction of a state-of-the-art Grid Station in collaboration with IESCO.




NUST students recently explored the hub of innovation at Capital Smart City, aiming to observe firsthand how their academic knowledge seamlessly intertwines with the framework of a more intelligent and sustainable tomorrow.




Embarking on Lahore Smart City's future journey deserves attention and celebration!
The recent event was a milestone, showcasing the inauguration of the stunning Sector A Mosque, a groundbreaking 0.5 MegaWatt Solar Power System, and the introduction of the Smart Clinic.




This groundbreaking partnership sets the stage for the creation of a state-of-the-art 7-a-side football facility, equipped with FIFA-certified Astro Turf. As this project kicks off, it's a precursor to a series of initiatives, demonstrating Capital Smart City's dedication to elevating sports infrastructure in Pakistan.




In a momentous event at Accor Office Dubai, we signed a pivotal agreement with DPA Architectures for the Moven Pick Hotel in our Capital Smart City project. This trip symbolizes a promise of prosperous, sophisticated, and creatively envisioned smart cities in Pakistan.




Embarking on a regal journey at Rawalpindi Race Course Club, the distinguished Capital Smart City's polo team, guided by the seasoned leadership of Brig. (R) Gohar Kamran, unfolded a tapestry of unparalleled prowess. A triumph fit for kings, our team's performance on the polo field was a spectacle of grace and dominance.




The MoU signing for Adventure Arena signals the dawn of a thrilling era in sports. This exciting venture will be a top spot for adventure-seekers and people looking for memorable experiences.
Get ready for an adventure like no other!




It was truly heartwarming to witness the incredible turnout of Overseas Pakistanis at the Smart Road Show '23 in Jeddah.
In association with Izmerk Realty, the event was a spectacular display of sustainable living and innovative lifestyle options.




Memorable Visit of Austrian Ambassador at Sleeping Buddha Rocks!
We had the honor of welcoming H.E. Mrs. Andrea Wicke, the Austrian Ambassador to Pakistan, for a remarkable visit to the historic Sleeping Buddha Rocks at Capital Smart City.

CAPITAL SMART CITY

WE ARE BUILDING A SMART PAKISTAN

# CRAFTING UNFORGETTABLE *Memories* in Capital Smart City







# *Theme Park*

Step into the wonder of our Theme Park – a first in Islamabad!
Capital Smart City is creating a haven of joy and excitement.

A MAGICAL EXPERIENCE FOR
**LOCALS AND INTERNATIONAL TOURISTS ALIKE.**

UK : +44 788 138 8270 & 80 | UAN : +92 51 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 SMART (76278)
www.smartcitypk.com smartcitypk smartcitypak sales@smartcitypk.com smartcitypk1 capitalsmartcity

CAPITAL
SMART CITY

WE ARE BUILDING A SMART PAKISTAN

# OVERSEAS CENTRAL

**Located in the center of Capital Smart City**
A world class destination, catalyst for business and economic activity.
Full of hospitality and leisure.



INTRODUCING

# Lake View

Lake View Commercials at Overseas Central 100 and 200 Square Yard

## 4 | 8 Marla Commercial Plot

SJ SURBANA JURONG SINGAPORE | HRL HABIB RAFIQ (PVT.) LTD. www.habibrafiq.com | FDH Development

UK : +44 788 138 8270 & 80 | UAN : +92 51 111 - 444 - 475 | Toll Free: +92 800 SMART (76278)

www.smartcitypk.com | smartcitypk | smartcitypak | sales@smartcitypk.com | smartcitypk1 | capitalsmartcity